رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
فون 2832244-2829384 فیکس 2832255
جلد 38 | جمعہ 05 ربیع الثانی 1448ھ | 18 ستمبر 2026ء | شمارہ 66

پاکستان مکہ مدینہ سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، جمادفتر خارجہ کا حوثیوں پر حملہ تشویش کا اظہار

سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے

بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل وحرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی، پاکستان نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کیا

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، پاکستان مکہ حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم شہباز شریف دو روزہ دورے پر برطانیہ چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف دو روزہ دورے پر برطانیہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

دانش یونیورسٹی نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کریگی، جائزہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری اور جدید تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم محمد (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

لندن، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل سے خطاب کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ کا علاقائی صورتحال پر غور

عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون پر خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، ایرانی میڈیا

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت طے پانے والے اتفاق رائے کی بنیاد پر مذاکراتی فریم ورک بحال کرنے کا مطالبہ کیا

تہران/بیجنگ (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے رابطہ کیا اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دورہ بیجنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ کیا، ٹیلی فون پر بات چیت میں خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے امور کا جائزہ لیا (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، میر سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

دستاویزات تصدیق کی فیس سرکاری اکاؤنٹ میں جاتی ہے، کوئی نقد وصول نہیں کرتا، ترجمان دفتر خارجہ

ایچ ای سی اور دیگر اداروں کے ساتھ ڈیجیٹل انضمام کے باعث دستاویزات کی تصدیق کا عمل مزید آسان ہو گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کاغذات کی تصدیق کے نظام میں مبینہ بیضابطگیوں سے متعلق رپورٹ کی تصدیق یا تردید کرنے کی بجائے وضاحت جاری (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ملک بھر میں سادگی وکفایت شعاری مہم کی منظوری

دکانیں، کیٹرنگ، شاپنگ مالز 9 بجے رات کو بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں تین ماہ کے لیے 50 فیصد کمی، نئی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی؛ دکانیں رات 9، شادی ہال 10 اور ریستوران 11 بجے بند ہوں گے، نوٹیفکیشن جاری

فارمیسی، لیبارٹریز، کلینک، ہسپتال، تندور، پیٹرول پمپس کو استثنیٰ حاصل ہوگا، 50 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کردی جائیں گی، ٹیک آوے اور ہوم ڈیلیوری سروسز مقررہ 11 بجے کی بندش سے مستثنیٰ ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے معاملے پر کفایت شعاری مہم کا اعلان کر دیا جس کے مطابق اسلام آباد میں دکانیں، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کر دیئے جائیں گے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کفایت شعاری مہم کے نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد میں دکانیں، مارکیٹیں، شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کر دیئے جائیں گے، شادی ہالز، مارکی اور دیگر کمرشل ایکٹویٹیز رات 10 تک بند ہوں گی، تمام ہوٹل، ریسٹورنٹس، کیفے رات 11 بجے بند کر دیئے جائیں گے، کفایت شعاری مہم کی مدت 3 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فارمیسی، لیبارٹریز، کلینک، ہسپتال، تندور، پیٹرول پمپس کو استثنیٰ حاصل ہوگا، 50 فیصد سرکاری گاڑیاں گراؤنڈ کر دی جائیں گی، سرکاری گاڑیوں کیلئے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے، ضروری سروسز اور ایف بی آر کی آپریشنل گاڑیاں ایندھن میں کمی سے مستثنیٰ ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام اقسام کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، سرکاری اداروں میں آئی ٹی آلات کی خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیا کی خریداری پر مکمل پابندی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تین ماہ کے لیے بیرون ملک سرکاری دوروں (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

علی پرویز ملک سے صوبائی وزیر توانائی کی ملاقات، عوامی فلاح کے لیے تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

خیبر پختونخوا میں تیل وگیس تلاش سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے جامع سیکیورٹی پلان پر کام جاری ہے، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے وزیر توانائی خیبر پختونخوا نذیر احمد عباسی نے ملاقات کی جس میں وفاقی وخیبر پختونخوا کے وزرائے توانائی نے عوامی فلاح کے لیے تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں اور ملکی سپلائی صورتحال پر بریفنگ دی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ خیبر (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

ن لیگ پنجاب میں پی ٹی آئی سے بڑا جلسہ کرتو سیاست چھوڑنے کو تیار ہوں، سہیل آفریدی

(ن) لیگ کو اپنی کارکردگی اور عوام کی حمایت پر یقین ہے تو چیلنج قبول کرنے میں ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ کے پی

چیلنج سامنے ہے اور فیصلہ پنجاب کے عوام کریں گے جیسے انہوں نے 8 فروری کے دن تحریک انصاف کو دوتہائی اکثریت دے کر کیا تھا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) سیاسی چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے کسی بھی شہر میں پاکستان تحریک انصاف کے مقابلے میں بڑا جلسہ کر کے دکھائے تو سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہوں۔ میڈیا سے گفتگو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ جلسے کے لیے پنجاب کے کسی بھی شہر کا انتخاب مسلم لیگ (ن) خود کرے اور پی ٹی آئی کے لیے بھی وہ (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہوگا، پرامن احتجاج کریں گے، چیئرمین بیرسٹر گوہر

پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں، میڈیا سے گفتگو

وزیراعلیٰ کو گاڑی میں بٹھا کر کسی چوک پر چھوڑنا انتہائی نامناسب ہے، دوسرے صوبے میں آنے والے وزیراعلیٰ کی مہمان نوازی کرنی چاہیے، چیئرمین

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہی ہوگا، ہم کوئی شوقیہ مارچ نہیں کر رہے بلکہ یہ انصاف مارچ ہے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ پر پابندی کے باوجود لوگ باہر نکلے تھے، پنجاب میں وزیراعلیٰ اور اراکین (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کی غریب ومتوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غریب ومتوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی سکیم میں مزید سہولت دیدی گئی ہے اور وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کر دیا گیا۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ پورے ملک بشمول آزاد جموں (بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر پاکستان بار کونسل کا شدید ردعمل

حکومت مراعات یافتہ طبقے کی غیر ضروری سہولیات ختم کر کے عوام کو فوری ریلیف دے، قرارداد

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی اور رولز کمیٹی کے مشترکہ اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ پاکستان بار کونسل (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر خزانہ کی برطانیہ کے وزیر مملکت برائے تجارت سے ملاقات

پاکستان برطانیہ تجارتی مذاکراتی طریقہ کار کے تحت ٹھوس اور قابل عمل نتائج حاصل کرنے کے عزم کا اظہار

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے لندن میں محکمہ برائے کاروبار وتجارت میں برطانیہ کے وزیر مملکت برائے تجارت، جناب انس سرور سے ملاقات کی جس میں برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان اور وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کے سربراہ کا جلد پاکستان کے دورے کا اعلان

امریکی، ایرانی تنازع کے حل کے لیے پاکستان کا ثالثی کردار قابل ستائش ہے، گفتگو

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے کہا ہے کہ وہ جلد پاکستان کا دورہ کریں گے اور امریکی، ایرانی تنازع کے حل کے لیے پاکستان کے اہم ثالثی کردار کو اجاگر کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے 16 ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور چین نے مشترکہ سرحدی انتظام کیلئے کمیشن فعال کر دیا

پلیٹ فارم سرحدی انتظام، تجارت، مشترکہ سروے اور عوامی روابط کے فروغ میں مدد دے گا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان مشترکہ سرحدی کمیشن فعال کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرحدی کمیشن کا پہلا اجلاس اسلام آباد میں وزارت خارجہ میں منعقد ہوا، اجلاس کی مشترکہ صدارت چین کی وزارت خارجہ کے محکمہ سرحدی و (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ کے آئی ٹی سیکشن میں آگ لگنے کی وجہ سے ریکارڈ ادھر کا ادھر ہو گیا

مقدمہ دوسرے بنچ میں لگ گیا جس پر جسٹس نعیم اختر افغان نے سماعت سے معذرت کر لی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کے آئی ٹی سیکشن میں آگ لگنے کی وجہ سے ریکارڈ ادھر کا ادھر ہو گیا اور مقدمہ متعلقہ بنچ کی بجائے دوسرے بنچ میں لگ گیا جس پر جسٹس نعیم اختر افغان نے سماعت سے معذرت کر لی۔ سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم؛ کراچی سمیت بڑے شہروں میں پیٹرول کی فراہمی شروع

شہریوں کو رجسٹریشن اور رعایتی پیٹرول کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے، رپورٹ

پشاور/لاہور (این این آئی) وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت کراچی سمیت ملک کے دیگر بڑے شہروں میں سستے پیٹرول کی فراہمی شروع ہوگئی، تاہم شہریوں کو رجسٹریشن اور رعایتی پیٹرول کے حصول میں مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

آن لائن فراڈ کیس: غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا

عدالت نے چینی شہری بائی شیامنگ، نعمان عابد ملک اور حسنین محمود کو مجرم قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے آن لائن اور الیکٹرانک فراڈ کیس میں ملوث غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا سنا دی۔ سینئر سول جج/جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر داخلہ نے ادویات کے کنٹینرز روکنے کا نوٹس لے لیا

محسن نقوی کا اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے فوری رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیوز چینلز پر ادویات کے کنٹینرز کو روکے جانے سے متعلق نشر ہونے والی خبر کا فوری نوٹس لے لیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے فوری رابطہ کیا اور تحویل (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

ن میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد 3 واصل جہنم

پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

آپریشن میں ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد کر لیا گیا ہے، سکیورٹی ذرائع

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے، میر سرفراز بگٹی

راولپنڈی/ آواران (این این آئی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں تین دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

سپریم کورٹ کا ایمان مزاری اور ہادی علی کی سزائیں معطل، ضمانت پر رہائی کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت منظور کرتے ہوئے سزائیں معطل کر دیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ نے وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کی ضمانتیں منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل کر دیا۔ عدالت نے دونوں کی ضمانت 2، 2 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض منظور کی اور کہا (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی چیمبر آف کامرس کے وفد کے ہمراہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چوہدری سالک حسین اور ڈاکٹر امجد کی وزیر داخلہ سے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام پر گفتگو

ملکی استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے مزید صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، محسن نقوی

چوہدری سالک حسین اور ڈاکٹر محمد امجد نے اسلام آباد سمیت ملک میں مزید صوبوں کے قیام کے لیے پاکستان مسلم لیگ کی بھرپور حمایت کا یقین دلایا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر و وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین اور پارٹی کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد نے وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام، اسلام آباد کو صوبائی حیثیت دینے، وفاقی دارالحکومت میں (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کے میسج کو بالکل مفت کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

10 روپے کے نوٹ کب بند ہو رہے ہیں؟ اسٹیٹ بینک کی وضاحت جاری

اسٹیٹ بینک کے ترجمان نے بیان میں نئے نوٹوں کی تجویز کے حوالے سے بھی آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 10 روپے کے بینک نوٹ کی بندش سے متعلق رپورٹس کی وضاحت کر دی ہے اور بتایا کہ نئے نوٹوں کی تجویز اس وقت وفاقی کابینہ میں زیر غور ہے۔ اسٹیٹ بینک کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

قیصر احمد شیخ اور امریکی ناظم الامور کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری تعاون فروغ پر تبادلہ خیال

امریکی حکومت تجارت اور ٹیرف سے متعلق انتظامات کے حوالے سے وزارت تجارت کے ساتھ کام کر رہی ہے، امریکی ناظم الامور

قیصر احمد شیخ کا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ سے امریکی ناظم الامور نثالی بیکر نے بورڈ آف انویسٹمنٹ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری روابط اور (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

تحفظ حرمین شریفین کے لیے مرکزی مسلم لیگ کا احتجاجی مظاہرہ

مظاہرے میں کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت، سعودی عرب سے اظہار یکجہتی

اسلام آباد (آن لائن) تحفظ حرمین شریفین کے لیے مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد کے زیر اہتمام نیشنل پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں پارٹی کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے حرمین شریفین کے تحفظ، امن اور تقدس (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کا سینئر صحافی عثمان خان کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے نیشنل پریس کلب کے نائب صدر و سینئر صحافی عثمان خان کے والد کے انتقال پر گہرے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

طالبان نے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے جیسے گروہوں کے خلاف مؤثر کاروائی نہیں کی، پاکستان

بیرونی عناصر کی جانب سے افغانستان کے اندر پراکسی گروہوں کی حمایت بھی صورتحال کو مزید خراب کر رہی ہے، مستقل مندوب عاصم افتخار احمد

پائیدار امن اور خوشحالی کے لیے طالبان کو ذمہ دارانہ طرز عمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ وہ خطے اور عالمی برادری کے لیے ایک قابل اعتماد شراکت دار ثابت ہو سکیں

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 3 سال کے دوران سرحد پار دہشت گرد حملوں میں 4,700 پاکستانی جاں بحق ہو چکے ہیں، جبکہ طالبان (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ایم پی اے حنیف جٹ کے انتقال پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما ایم پی اے حنیف جٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے لئے مرحوم حنیف جٹ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

گوادر بیجنگ گوادر چیمبر کے صدر جیند ہوت کی OIG کے وائس پریذیڈنٹ بن بن یانگ سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

معیاری قانونی تعلیم موثر نظام انصاف کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، چیف جسٹس

ملاقات میں پاکستان میں قانونی تعلیم کا معیار مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل ادارہ جاتی روابط اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا

مستقبل کے وکلا کی بہتر پیشہ ورانہ تیاری کیلئے بار، قانونی تعلیمی اداروں اور دیگر متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مسلسل تعاون ضروری ہے، وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ معیاری قانونی تعلیم ایک باصلاحیت قانونی برادری اور موثر نظام انصاف کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، قانونی تعلیم میں عملی مہارت اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق انہوں نے یہ بات سپریم کورٹ میں پاکستان بار کونسل کے وفد سے ملاقات کے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 6 پر)

علیم خان اور سردار یوسف کی ملاقات

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سمیت مجموعی ملکی وسیاسی صورتحال پر تبادلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات و صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان سے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ملاقات کی، جس میں ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سمیت مجموعی ملکی وسیاسی صورتحال پر تبادلہ (بقیہ نمبر 51 صفحہ 6 پر)

شازیہ مری کا پیٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز شازیہ مری نے پیٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 6 پر)

ن افغانستان کی سرزمین کا پاکستان کیخلاف استعمال ہونا خطے کے امن کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے، سردار ایاز صادق

اسپیکر قومی اسمبلی کی جنوبی افریقہ کی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور پارلیمانی روابط بڑھانے پر اتفاق

اینجلا تھوکوزا نکے دیدیزا کی جلد ایک پارلیمانی وفد پاکستان بھیجنے کی یقین دہانی، ایاز صادق کو جنوبی افریقہ کے دورے کی بھی دعوت

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن (سی پی اے) کی 69 ویں کانفرنس کے موقع پر جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی اسپیکر اینجلا تھوکوزا نکے دیدیزا سے اہم ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پارلیمانی و دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں اسپیکرز نے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 6 پر)

آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کر دیئے گئے، انہیں عظیم نذیر تارڑ

27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کر دی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے

بار میں جاری منصوبوں کے لئے جلد 2 کروڑ روپے جاری کر دیئے جائیں گے، راولپنڈی میں وکلا سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آئین کی تشریح کے معاملات آئینی عدالت کے سپرد کر دیئے گئے ہیں، 27 ویں ترمیم میں یہ بات واضح کر دی گئی کہ کس عدالت نے کونسے مقدمات کی سماعت کرنی ہے بار میں جاری منصوبوں کے لئے (بقیہ نمبر 54 صفحہ 6 پر)

وزیر ریلوے کا آواران میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے ضلع آواران میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کو ناکام بنائیں گے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

اورنگزیب خان کھچی، حاجی ولی محمد نورزئی، نادر گل بزنجو ڈیف ریچ سکولز، ٹریننگ سینٹر و کالج کا افتتاح کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

انچارج شجاع کھیلوں کی دنیا

محمد رضوان کی این سی سی آئی اے ٹوئمز کیخلاف درخواست مسترد

میرے موبائل کو فون بجوائے گئے، وکیل محمد رضوان آپ جا کر ٹوئمز کے جواب دیدیں، چیف جسٹس

لاہور(این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے کرکٹر محمد رضوان کی این سی سی آئی اے ٹوئمز کے خلاف درخواست مسترد کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے محمد رضوان کی درخواست پر سماعت کی، اس موقع پر کرکٹر محمد رضوان کی جانب سے ان کے وکیل قاضی محبر علی عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ میرے موبائل کو فون بجوائے گئے۔اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ آپ جا کر ٹوئمز کے جواب دے دیں، آپ کو کس تاریخ کو نوٹس جاری کیا گیا۔درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ لارڈز ٹیسٹ کے بعد درخواست گزار کو بوٹل اپنی میں بلوایا گیا، بغیر نوٹس کے درخواست گزار سے تفتیش کی گئی اور موبائل قبضے میں لے لیا گیا۔انہوں نے کہا کہ درخواست گزار کو آج تک موبائل فون واپس نہیں کیا گیا جو بدنیاتی ظاہر کرتا ہے۔رضوان کے وکیل نے کہا کہ کرکٹر کو کرپشن پسند بچانے کے لیے این سی سی کا بنٹی کرپشن یونٹ فورم ہے، درخواست گزار کے خلاف معاملہ این سی سی کے بنٹی کرپشن یونٹ کو نہیں بھیجا گیا۔ماتح رہے کہ قومی کرکٹر محمد رضوان نے این سی سی آئی اے کی طلبی کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے،انہوں نے درخواست میں این سی سی آئی اے کے دائرہ اختیار اور تحقیقات کی نوعیت پر سوالات اٹھائے ہیں۔

بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو منائی جائے گی

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن بنوں و ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کی زیر نگرانی بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو سپورٹس کمپلیکس زیارت اکرام خان درانی فٹ بال اسٹیڈیم، بنوں میں منائی جائے گی۔ یہ پروگرام انٹرنیشنل فٹ بال ایسوسی ایشن کے ماتحت سابق ڈپٹی چیئرمین زاہد اکرام خان درانی کی زیر سرپرستی ہوگا ایونٹ کے آرگنائزنگ سیکرٹری اسرار شنواری نے بتایا کہ ایونٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں، فٹ بال کلچ بھی ہوگا جس میں ٹیم پختونخوا سے نامور قومی و بین الاقوامی کھلاڑی حصہ لیں گے اور ایونٹ منعقد کروانے کا بنوں کی پیشہ ور ٹیموں اور باشعور شہریوں کو موقع ملے گا۔ اکرام خان درانی میموریل فٹ بال کپ کے سلسلے میں ایک تاریخی "بنوں گرینڈ فٹ بال نائٹ 27 ستمبر کو شام 7 بجے سے منائی جا رہی ہے، جو اپنے جوش اور مقابلے کے لحاظ سے کسی فائنل سے کم نہیں ہوگی۔

صوبائی حکومت کی کھیلوں کے فروغ کوشاں ہے، ظہور احمد بلوچ

نوجوانوں کو فٹ اور صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیورسٹی

کوادر(ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیورسٹی ظہور احمد بلوچ میر گلمتی انٹرایکٹیشنل سپورٹس فیسٹیول 2026 کے افتتاحی تقریب میں ٹمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے کھلاڑی کوڈرائی پیش کر رہے ہیں

نوجوان ملک کو ترقی اور خوشحالی کی روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، مینا مجید بلوچ

69ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی

پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور امکانات کو اجاگر کرنا اور ان کی آواز کو عالمی پارلیمانی گفتگو کا حصہ بنانا، بلوچستان کے لیے یقیناً ایک قابل فخر لمحہ ہے

کوئٹہ (ن ن) 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی۔نوجوانوں کے مسائل، مواقع اور مستقبل پر اظہار خیال، فیصلہ سازی اور پالیسی سازی میں موثر شمولیت پر زور دیا۔بلوچستان اور پاکستان کے لیے یہ یقیناً فخر اور اعزاز کی بات ہے کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی نڈر اور نوجوان ایم پی اے رہنما نے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں منعقدہ 69ویں Commonwealth Conference Parliamentary کے

ڈی ٹیکٹیو فٹ بال کوچنگ کورس اسلام آباد میں شروع ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے تعاون سے ڈی ٹیکٹیو فٹ بال کوچنگ کورس پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہوگیا۔جس کا افتتاح پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاور حسین نے کیا۔اس موقع پر پاکستان فٹ بال ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر (کوچ ایجوکیشن) جاوید کھوکھر، پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے ریجنل ڈیولپمنٹ آفیسر، اسلام آباد شوکت علی خان، اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر احمد ریحان شیخ، سیکرٹری محمد رمضان، پاکستان سپورٹس بورڈ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر چوہدری اسداللہ اور پاکستان سلوشنز اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل رانا تنویر احمد موجود تھے۔کورس میں 40 کوچز حصہ لے رہے ہیں۔کورس کے شرکا کو قومی کوچ اشرف الدین (انسٹرکٹر) انگیزر اور پریکٹیکل تربیت دے رہے ہیں جبکہ ان کی معاونت کوچ عطاء اللہ (انسٹرکٹر) کر رہے ہیں۔یہ کورس 20 ستمبر تک جاری رہے گا۔

کوادر(ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیورسٹی ظہور احمد بلوچ میر گلمتی انٹرایکٹیشنل سپورٹس فیسٹیول 2026 کے فائنل کی ٹرافی ٹیم کی کپتان کو ٹرافی پیش کر رہے ہیں

شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل باکی ٹورنامنٹ کا آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل باکی ٹورنامنٹ کا آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہفتہ کو ہوگا۔ اجلاس کی صدارت چیف آرگنائزر محمد یامین بھٹی کریں گے۔ اجلاس میں ٹورنامنٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا جائیگا، ایم ایچ عاطف باکی اکیڈمی کے زیر اہتمام شہدا پاکستان اینڈ سلیم ناظم اولمپین میموریل باکی ٹورنامنٹ 20 ستمبر سے 25 ستمبر تک باکی سٹیڈیم، فیصل آباد میں کھیلا جائیگا ٹورنامنٹ کے اختتام کا سہ پہلی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

آسٹریلوی کرکٹ کی دھاک اب ختم ہوچکی ہے، ایلن ڈونلڈ

سٹنگر وزی ٹیم اپ ویسی نیس ہری جس سے حریف ٹیمیں پہلے ڈرا کرتی تھیں، حالیہ کارکردگی پر تبصرہ

سڈنی (این این آئی) جنوبی افریقہ کے سابق مایہ ناز فاسٹ بولر ایلن ڈونلڈ نے آسٹریلوی ٹیم کی حالیہ پرفارمنس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سٹنگر وزی ٹیم اپ ویسی نیس ہری جس سے حریف ٹیمیں پہلے ڈرا کرتی تھیں۔ آسٹریلوی کرکٹ کی دھاک اب ختم ہوچکی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی افریقہ کے سابق مایہ ناز فاسٹ بولر ایلن ڈونلڈ نے آسٹریلوی کے بالادستی کو اپنے ہی کرکٹ کے خوف کے حوالے سے ایک انتہائی چونکا دینے والا اور کھرا تجزیہ پیش کردیا۔ اپنے ایک انٹرویو میں واسٹ انڈیکٹ کے نام سے مشہور ایلن ڈونلڈ کا کہنا ہے کہ آسٹریلوی ٹیم کو اب وقوف، رعب و دبدبہ حاصل نہیں رہا،ء 1990 اور 2000ء کی دہائیوں میں ہوا کرتا تھا۔انہوں نے کہا کہ حریف ٹیمیں اپنے آسٹریلیا کے خلاف میدان میں اترتے وقت ڈرتی نہیں ہیں۔سابق جنوبی افریقی کرکٹر نے نشاندہی کی کہ ہوم اینڈ اوے سیریز میں بھارت کی مسلسل کامیابیوں اور بارڈر گواسکر ٹرافی میں شکست نے آسٹریلیا کا غرور توڑ دیا ہے۔انگلینڈ اور دیگر ٹیموں نے بھی اس کے خلاف کھل کر جارحانہ حکمت عملی اپنائی ہے۔

ایشین گیمز 2026 پاکستان ویمنز ہاکی ٹیم کوہر کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی

طوبہ حسن نے ایک چھکے اور ایک چوکے کی مدد سے 13 رنز بنا کر میچ کو فتح سے ہمکنار کیا، پاکستان نے دو گیندوں پہلے سات وکٹ پر ہدف پورا کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی

پاکستان ہاکی ٹیم کا ہانگ چو کا سفر 3 ہار 2 جیت کا رہا، پاکستان نے دو گیندوں پہلے سات وکٹ پر ہدف پورا کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی

فوبہ (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے کوارٹر فائنل میں تھائی لینڈ ویمنز کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 3 وکٹوں سے شکست دے کر ایشین گیمز کے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا، ایشین گیمز کے ویمن کرکٹ ایونٹ کا دوسرا کوارٹر فائنل بارش کی وجہ سے 11 اوورز فی اننگز تک محدود کیا گیا۔پاکستان نے ٹاس جیت کر بولنگ کی، گل نیوزہ 16 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں، اس کے بعد ایک ایک کر کے وکٹیں گرتی چلی گئیں، لیکن کپتان فاطمہ ثنا نے 3 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 21 رنز بنا کر ٹیم کو سنبھالا۔ پھر طوبہ حسن نے ایک چھکے اور ایک چوکے کی مدد سے 13 رنز بنا کر ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا، پاکستان نے دو گیندوں پہلے سات وکٹ پر ہدف پورا کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی، بھارت نے نیوٹرل وینیو کی پاکستان کی درخواست مسترد کردی

پاکستان کو بھی بھارت میں کھیلنا ہوگا، پاکستان نہیں آتا تو پہلے سے اعلان کردہ متبادل ٹیم کو موقع دیں گے، جواب

نئی دہلی (این این آئی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی ایشو پر ہاکی انڈیا نے پاکستان کی درخواست مسترد کردی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین ہاکی فیڈریشن سے درخواست کی تھی کہ پاکستان کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کیے جائیں یا چیمپئنز ٹرافی کا مقام بھارت سے باہر کسی غیر جانبدار ملک مرکا رکھا جائے۔جس پر بھارتی ہاکی فیڈریشن کی طرف سے انکار کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق پاکستان کے اعلان پر عجلتی کیا تھا کہ ذمہ داری ایک ٹیم پہلی کھیلنے آئے گی۔دوسری جانب ایشین ہاکی فیڈریشن کی طرف سے اس حوالے سے تاحال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے۔

ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی شاعر کی متاثر کن کہانی

2023 میں ٹرکی میں مچلا آئرن میں 70.3 مکمل کیا، 1.9 کلومیٹر تیراکی، 90 کلومیٹر سائیکلنگ اور 21.1 کلومیٹر رن شامل تھی

دوڑ شامل ہوتی ہے۔ دو اب تک تین آئرن مین 70.3 مقابلے مکمل کر چکی ہیں۔کویت میں ٹریننگ کے دوران بھی انہیں سخت موسم کا سامنا رہا، جہاں گرمیوں میں درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر جاتا ہے۔شاعر سے فیملی لائف میں کردہ ٹریننگ کے لیے صبح 4 بجے جاگنے والی رہی۔2026 میں پاکستان نے ایشین گیمز کے لیے ٹرائیتھلون ٹیم کی تیاری شروع کی تو شاعر کو ٹرائیتھلون کے مقابلے میں اپنی ٹیم انٹرمیاٹی کیلئے کیل کرنے کے ساتھ دوسرا کوال کرنے میں معاونت بھی کی۔انہوں نے تیاری کے دوران 24 دیں منٹ میں انٹرمیاٹی کیلئے اپنے 100 کیل مکمل کیے، ایشین گیمز انٹرمیاٹی کیلئے 100 کیل مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔سیمیوز نزک کے آخر میں 3 ایشین گیمز میں ایلیمینیشن ٹیموں نے کامیابی حاصل کی تھی۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی، بھارت نے نیوٹرل وینیو کی پاکستان کی درخواست مسترد کردی

نئی دہلی (این این آئی) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی ایشو پر ہاکی انڈیا نے پاکستان کی درخواست مسترد کردی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ایشین ہاکی فیڈریشن سے درخواست کی تھی کہ پاکستان کے میچز نیوٹرل مقام پر منتقل کیے جائیں یا چیمپئنز ٹرافی کا مقام بھارت سے باہر کسی غیر جانبدار ملک مرکا رکھا جائے۔جس پر بھارتی ہاکی فیڈریشن کی طرف سے انکار کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق پاکستان کو بھی بھارت میں کھیلنا ہوگا، پاکستان نہیں آتا تو پہلے سے اعلان کردہ متبادل ٹیم کو موقع دیں گے۔واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی 27 اکتوبر سے 5 نومبر تک چائنہ اور دوہا میں کرانے کا اعلان کیا گیا ہے۔دو روز قبل بھارتی ہاکی ہاکی فیڈریشن نے شیڈول کے اعلان پر عجلتی کیا تھا کہ پاکستانی ٹیم بھی کھیلنے آئے گی۔دوسری جانب ایشین ہاکی فیڈریشن کی طرف سے اس حوالے سے تاحال کوئی موقف سامنے نہیں آیا ہے۔

شالی کیرولینا کے شہر شارلٹ کو سیزن کے اختتامی ڈبلیو ٹی اے فائنلز کا نیا مرکز منتخب کرلیا گیا

ڈبلیو ٹی اے انتظامیہ خواتین کے سنگل ایونٹ کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کی خواہش مند ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) امریکی ریاست شالی کیرولینا کے شہر شارلٹ کو سیزن کے اختتامی ڈبلیو ٹی اے فائنلز کا نیا مرکز منتخب کرلیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ ڈبلیو ٹی اے کے مطابق ڈبلیو ٹی اے انتظامیہ خواتین کے اس اہم سپورٹس ایونٹ کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کی خواہش مند ہے، اور امید ظاہر کی جارہی ہے کہ یہ 3 سالہ معاہدہ ٹورنامنٹ کو پائیداری فراہم کرے گا، جو گزشتہ 7 سالوں کے دوران 6 مختلف شہروں میں منعقد ہو چکا ہے۔ رواں سال کے ڈبلیو ٹی اے فائنلز ایرین ویلڈر، کیفلورنیا میں کھیلے جائیں گے، جس کے بعد 2027 سے یہ ایونٹ باقاعدہ طور پر شارلٹ منتقل ہو جائے گا۔ رواں سال ٹورنامنٹ کی انعامی رقم 10 ملین ڈالر رکھی گئی ہے۔ یہ مقابلے این ایم شارلٹ باشس کے ہوم کرائونڈ بنکیٹر سینٹر میں منعقد ہوں گے۔ نومبر میں ماسٹک بال سیزن کی مصروفیت اور میچز کی تعدد کے باعث ڈبلیو ٹی اے فائنلز کا دورانیہ 8 دن سے کم کر کے 5 دن کر دیا جائے گا، جس کے لیے کھلاڑیوں کے ساتھ مختلف فارمیٹس پر بات چیت جاری ہے۔ اس اہم معاہدے کے تحت ڈبلیو ٹی اے اپنا عالمی ہیڈکوارٹر بھی جنٹ ہیڈرز۔ فلورڈیا سے شارلٹ منتقل کر دے گا۔

ایشین گیمز میں شرکت کیلئے کھلاڑیوں کا کیمپ شروع

100 گول مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے

100 گول مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے

میانی (این این آئی) ارجنٹینا کے حامی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی انٹرمیاٹی کیلئے 100 گول مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق انٹرمیاٹی نے کروٹ آزمل کو 0-2 سے شکست دے کر پہلی بار بکیپونز کپ کا فائنل جیت لیا۔ لیونل میسی نے بکیپونز کپ میں کروٹ آزمل کے خلاف میچ میں اپنی ٹیم انٹرمیاٹی کیلئے کیل کرنے کے ساتھ دوسرا گول کرنے میں معاونت بھی کی۔ انہوں نے میچ کے دوران 24 دیں منٹ میں انٹرمیاٹی کیلئے اپنے 100 گول مکمل کیے، لیونل میسی انٹرمیاٹی کیلئے 100 گول مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ بکیپونز کپ کے آخر میں 3 ایشین گیمز میں ایلیمینیشن ٹیموں نے کامیابی حاصل کی تھی۔

CAREER OPPORTUNITIES

URAAN PAKISTAN

Applications are invited from Pakistani Nationals having requisite qualification and experience to fill the following posts on contract basis in National Counter Terrorism Authority (NACTA) in Federal Government: -

S.#	Name of Post	No. of Posts	Age Limit	Qualification & Experience	Distribution of Quota
1	Junior Analyst (OSINT) (BS-17)	1	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Computer Science, Cyber Security, Information Technology, Digital Forensics, Data Science, Software Engineering, or equivalent from any HEC approved institution. • Preference will be given to candidates having experience in Open-Source Intelligence (OSINT), Social Media Intelligence (SOCMINT), Geospatial Intelligence (GEOINT), Threat Intelligence, Digital Investigations, Online Research. • Analytical reporting and relevant international certifications shall be considered an added advantage	Punjab = 1
2	Junior Analyst (Technical Investigation) (BS-17)	1	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Computer Science, Cyber Security, Information Technology, Digital Forensics, Software Engineering, or equivalent from any HEC approved institution. • Experience in cyber investigations, malware analysis, digital forensics, network security, incident response and blockchain analysis will be preferred. • Analytical reporting and relevant international certifications shall be considered an added advantage.	Balochistan = 1
3	Junior Analyst (Information Operations Monitoring) (BS-17)	1	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in International Relations, Media Studies, Mass Communication, Strategic Studies, Data Sciences, or equivalent from any HEC approved institution. • Experience in monitoring online information environment influence operations, disinformation analysis, social media analytics, sentiment analysis, narrative tracking, digital campaign analysis, and strategic communication will be preferred. • Knowledge of AI assisted monitoring platforms and data visualization tools will be an added advantage.	Merit = 1
4	Junior Analyst (AI Automation & Tool Developmen t) (BS-17)	1	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Artificial Intelligence, Computer Science, Software Engineering, Data Science, Machine Learning, Cyber Security, or equivalent from any HEC approved institution. • Experience in Python Programming, AI/ML model development, automation framework, Large Language Models (LLMs), Generative AI, API Integration, workflow automation, dashboard development, data engineering and cybersecurity automation tools will be preferred. • Hands-on experience with cloud platforms, DevOps, and modern AI frameworks should be considered an added advantage.	Punjab = 1
5	Junior Analyst (IFW) (BS-17)	1	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of Education in IR, Peace & Conflict Studies, Terrorism & Security Studies, Criminology, Psychology, Strategic Studies from any HEC approved institution.	Sindh (R) = 1
6	Junior Analyst (ORW) (BS-17)	2	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of Education in Social/Applied Sciences and Law (except MBA and Economics) from any institution HEC approved). • Preference will be given to candidate experience in advance understanding of intelligence analysis and the application of structured analytical techniques.	Sindh (R) = 1 Balochistan = 1
7	Junior Analyst (CFT) (BS-17)	2	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Banking, Finance, Economics Commerce or MBA from any HEC approved institution. • Preference will be given to candidates having experience in financial investigations and analysis, financial monitoring, as well as a foundational understanding of cryptocurrency ecosystems, blockchain technologies, data analytics, and basic orientation in Artificial Intelligence.	Merit = 1 Ex-FATA = 1
8	Junior Analyst (AI) (BS-17)	3	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Computer Science, Artificial Intelligence, Information Technology, Software Engineering, Data Science, Cyber Security, Software Engineering from any HEC approved institution. • Experience in developing and managing AI/Software applications will be preferred	Punjab = 1 Sindh (U) = 1 Balochistan = 1
9	Jr. Data Scientist (BPS-17)	2	30 + 5 = 35 Y	• 16 years of education in Computer Science, Artificial Intelligence, Information Technology, Software Engineering, Data Science, Statistics, Engineering or related fields from any HEC approved institution. • Experience in developing predictive models, analyzing large datasets, and presenting actionable insights through advanced tools such as LLMs, chatbots, and related technologies will be preferred.	Merit = 1 Sindh (U) = 1
	Total	14			

GENERAL INFORMATION/ INSTRUCTIONS

1. The period of contract would be initially for a period of six (06) months and likely to be permanent on the basis of performance evaluation.
2. Eligible candidates are advised to apply online through National Jobs Portal at their link **https://njp.gov.pk** Candidates applying for more than one post should apply online for each post separately. No manual or hard copy of application will be accepted by any office.
3. Candidates will be required to bring original documents (Educational, Domicile and Experience Certificate etc.) along with one set of attested copies of all documents at the time of interview.
4. Screening / Skill tests (where required) will be conducted as per Recruitment Policy of the Federal Government.
5. The Authority reserve the right not to fill any vacancy or to reduce/increase the number of vacancies, if the circumstances so warranted at the time of final selection.
6. The candidates working in Public Sector Departments/Organizations shall apply through proper channel and have to submit Departmental Permission Certificates from the respective department/employers at the time of interview, failing which they will not be allowed to participate in interview.
7. In addition to **5 years** general age relaxation already allowed in the above table, further age relaxation shall be admissible as per (Relaxation of Upper Age Limit) Rules, 1993.
8. Minimum and Maximum age shall be calculated on the closing date for receipt of applications.
9. Information provided in the online Application Form will be verified. In case of any false or forged information, NACTA reserves the right to cancel candidature of any candidate at any stage (even after employment, if so, revealed later) and to initiate legal action against the applicant.
10. Only short-listed candidates will be called for test/interview. All the candidates will be allowed provisionally to appear in the test/interview, subject to detailed scrutiny of their eligibility as per relevant criteria.
11. No TA/DA will be admissible for the Test/ Interview.
12. Last date of submission of Application Forms is **15** days from the date of publication of this advertisement. Applications received after the closing date will not be entertained.
13. Finally selected candidates shall be offered appointment subject to security clearance from relevant authorities.
14. In case of any query, you may contact Director (HR/Admn) **(051-9217113).** **PID(I) 2559/2026**

Director (HR/Admn) National Counter Terrorism Authority
Khayaban-e-Suhrawardy, G-7/1 Islamabad.

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جنگ کے اختتام کی جانب بڑھ رہے ہیں، ایران نے براہِ راست رابطہ کیا، معاہدہ کرنا چاہتا ہے، ٹرمپ

ایران کی جانب سے مجھ سے براہِ راست رابطہ کیا گیا ہے، ہم دیکھیں گے کہ یہ معاملہ کیسے آگے بڑھتا ہے، ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران نے امریکا سے براہِ راست رابطہ کیا ہے، وہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ شمالی کیرولائنا میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور ہم دیکھیں گے کہ یہ معاملہ کیسے آگے بڑھتا ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آیا ایران نے براہِ راست ان سے رابطہ کیا ہے یا کسی ثالث کے ذریعے پیغام پہنچایا ہے، تو ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی جانب سے مجھ سے براہِ راست رابطہ کیا گیا ہے۔ دریں اثنا جب ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ امریکا اس وقت جنگ کے کس مرحلے میں ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ امید ہے کہ ہم جنگ کے اختتام کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ خیال رہے کہ ٹرمپ کے یہ بیانات ایسے وقت سامنے آئے ہیں جب آبنائے ہرمز کے معاملے پر ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔



ڈی جی پی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر صوبائی وزیر داخلہ فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ترک و ایرانی وزرائے خارجہ کا رابطہ، علاقائی تازہ صورتحال پر گفتگو

انقرہ (این این آئی) ترک وزیرِ خارجہ ہاکان فیدان اور ان کے ایرانی ہم منصب عباس عراقچی کے درمیان ٹیلی فونک (بقیہ نمبر 5 صفحہ 6 پر)

چین میں شراکت داروں کیساتھ کامیاب مشاورت ہوئی، ایرانی وزیر خارجہ

ایران اسٹریٹجک شراکت داری کی قدر کرتا ہے، جو ہم نے وقت کے ساتھ قائم کی، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ چین میں شراکت داروں کے ساتھ کامیاب مشاورت ہوئی۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے بیان میں عباس عراقچی نے کہا کہ ایران اسٹریٹجک شراکت داری کی قدر کرتا ہے، جو ہم نے وقت کے ساتھ قائم (بقیہ نمبر 4 صفحہ 6 پر)

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے مال بردار جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی

نیویارک (این این آئی) آبنائے ہرمز سے گزرنے والے مال بردار جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی ہوگئی۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ روز آبنائے ہرمز سے صرف 3 مال بردار جہاز گزرے، جبکہ منگل کو آبنائے ہرمز سے گزرنے والے مال بردار جہازوں کی تعداد 12 تھی۔ شپنگ ڈیٹا میں وہ جہاز شامل نہیں جو آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے اپنا ٹریکنگ سسٹم بند کر دیتے ہیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق گزشتہ ہفتے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کی یورپی یونین کی کینیڈا کو رکنیت دینے پر یورپ سے تجارت ختم کرنے کی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کینیڈا کو رکن بنانے کی صورت میں یورپی ممالک پر بھاری ٹیرف لگانے یا یورپ سے تجارت ختم کرنے کی دھمکی دے دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر نے اس تجویز کو مضحکہ خیز قرار دے دیا اور کہا کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6 پر)

اسرائیل کی غزہ پر بمباری، 9 فلسطینی شہید، 40 زخمی

حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے، فلسطینی میڈیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملوں کے نتیجے میں کم از کم 9 فلسطینی شہید اور تقریباً 40 زخمی ہوگئے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے۔ غزہ سٹی کے مختلف علاقوں میں افراد، گاڑیوں اور لوگوں کے گروہوں کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات ہیں۔ خان یونس کے المواسی علاقے میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر حملوں میں متعدد افراد جاں بحق اور 20 سے زائد زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ گزشتہ روز غزہ سٹی کے الشاطی کیمپ میں ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنائے جانے سے 12 فلسطینی جاں بحق، تقریباً 40 زخمی اور متعدد لاپتا ہوئے۔

حب، بکشز اسپیلڈ ویژن سائرہ عطا، ای پی اے ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے صنعتی یونٹس سیل کرنے کے احکامات جاری کر رہی ہیں

مشرق وسطی و یوکرین میں کشیدگی کم کی جائے، آگے کا واحد راستہ کشیدگی میں کمی، سفارکاری اور مذاکرات ہے، اقوام متحدہ

تمام فریق شہریوں کو نقصان پہنچانے والی کارروائیاں بند کریں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو محفوظ اور بلا رکاوٹ جاری رکھنے کو یقینی بنائیں، انتونیو گوتریش کی پریس کانفرنس

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے مشرق وسطی اور یوکرین میں کشیدگی کم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام فریق شہریوں کو نقصان پہنچانے والی کارروائیاں بند کریں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو محفوظ اور بلا رکاوٹ جاری رکھنے کو یقینی بنائیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انتونیو گوتریش نے کہا کہ مشرق وسطی کی موجودہ کشیدگی میں کمی اولین ترجیح ہونی چاہیے، آبنائے ہرمز اور باب المندب کے اطراف جہاز رانی کے حقوق اور آزادیوں کو بین الاقوامی قانون کے مطابق مکمل طور پر بحال اور برقرار رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آگے بڑھنے کا واحد راستہ کشیدگی میں کمی، (بقیہ نمبر 3 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سیارہ زہرہ کے پاس چاند کیوں نہیں؟ سائنسدانوں کا حیران کن انکشاف

تحقیق اس بات کا قطعی ثبوت نہیں دیتی کہ سیارہ زہرہ کے پاس ماضی میں واقعی کوئی چاند موجود تھا، محققین

واشنگٹن (این این آئی) سیارہ زہرہ نظامِ شمسی کے ان 2 سیاروں میں شامل ہے جن کے پاس کوئی قدرتی چاند نہیں ہے اور اس حوالے سے اب سائنسدانوں نے ایک اہم نظریہ پیش کر دیا ہے۔ سیارہ زہرہ جسامت، کمیت اور ساخت کے اعتبار سے زمین سے مشابہت رکھتا ہے، لیکن اس کے پاس کوئی چاند موجود نہیں ہے۔ سائنسدان طویل عرصے سے یہ جاننے کی کوشش کر رہے تھے کہ زمین سے ملتی جلتی خصوصیات رکھنے والے اس سیارے کے پاس کوئی اپنا چاند کیوں نہیں؟ یونیورسٹی آف کیلیفورنیا کے ڈاکٹر اسٹیفن کین کی قیادت میں محققین کی ایک ٹیم نے یہ جاننے کے لیے کمپیوٹر سیمولیشنز کے ذریعے اس امکان کا جائزہ لیا کہ کیا سیارہ زہرہ کے پاس (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

مصنوعی ذہانت سے ہونیوالے حادثات قریب ہیں، سیم آلٹمین کا دعوی

قومی نقل و حمل سلامتی بورڈ کی طرز پر حادثات کی رپورٹنگ اور مکمل تحقیقات کا نظام اپنانا چاہیے، خطاب

نیویارک (این این آئی) اوپن اے آئی کے سربراہ سیم آلٹمین نے کہا ہے کہ نئی ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق بعض حادثات کا رونما ہونا ناگزیر ہے، اس لیے اے آئی صنعت کو ہر واقعے سے تیزی سے سیکھنے کا نظام قائم کرنا چاہیے۔ سیلز فورس کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سیم آلٹمین نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی صنعت کو امریکی وفاقی ایوی ایشن انتظامیہ اور قومی نقل و حمل سلامتی بورڈ کی طرز پر حادثات کی رپورٹنگ اور مکمل تحقیقات کا نظام اپنانا چاہیے۔ ان کے مطابق ایوی ایشن کے شعبے میں ہر حادثے کی تحقیقات کر کے حاصل ہونے والے اسباق کو دوبارہ نظام میں شامل کیا گیا جس سے حفاظتی معیار بہتر ہوا۔ سیم آلٹمین نے کہا کہ حادثات رونما ہوں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

یمن میں سعودی فضائی حملوں میں 3 ٹیلی کمیونیکیشن ٹاورز نشانہ بنے، 1 شخص ہلاک

ٹاورز ضلع التعزیہ کے علاقوں الذکرہ اور الحوبان جبکہ ضلع خضیر کے علاقے الرحیدہ میں واقع تھے، رپورٹ

صنعا (این این آئی) یمن میں سعودی فضائی حملوں میں 1 شخص ہلاک اور 1 زخمی ہوگیا۔ یمن کے حوثی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سعودی جنگی طیاروں نے یمن کے صوبے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کے خلیجی رہنما سے ایران سے متعلق مذاکرات متوقع

منگل کو ملاقات میں جنگ کے بعد کی حکمتِ عملی سے متعلق امریکی تجاویز پر توجہ مرکوز کیے جانے کا امکان ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی نیویارک میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیجی ممالک کے رہنماں سے ملاقات متوقع ہے، جس میں ایران کے ساتھ جاری جنگ کے حوالے سے آئندہ کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ امریکی خبر رساں ویب سائٹ نے براہِ راست معلومات رکھنے والے 3 ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ آئندہ منگل کو ہونے والی ملاقات میں جنگ کے بعد کی حکمتِ عملی سے متعلق امریکی تجاویز پر توجہ مرکوز کیے جانے کا امکان ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ ایک وسیع تر منصوبے پر کام کر رہی ہے، جسے جنگ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 6 پر)

ریاست آسام میں ہاتھی ٹرین کی زد میں آکر شدید زخمی، ریل سروس معطل

گوہاٹی (این این آئی) بھارت میں ایک جنگلی ہاتھی ٹرین کی زد میں آ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ ریاست آسام میں پیش آیا جہاں ہواپور ریلوے اسٹیشن کے قریب ٹرین کی ٹکر سے ایک جنگلی ہاتھی شدید زخمی ہوگیا۔ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 6 پر)

یورپی یونین کی 13 سال سے کم عمر بچوں کیلئے سوشل میڈیا پر مکمل پابندی کی تجویز

13 سے 15 سال تک کے بچے آزادانہ پرسنل اکاؤنٹ نہیں بنا سکیں گے، صدر یورپی کمیشن

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے 13 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر مکمل پابندی کی تجویز پیش کر دی۔ یورپی کمیشن کی صدر نے یورپی پارلیمنٹ میں سالانہ خطاب کے دوران ای یو کڈز ایکٹ نامی اس سخت ڈیجیٹل ہیلتھ ایکٹ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ بگ ٹیک کمپنیاں بچوں کو ان کے بچپن سے محروم کر رہی ہیں، جسے مزید برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ اس مجوزہ قانون کے تحت بچوں کی ذہنی صحت کے تحفظ کے لیے عمر کے لحاظ سے درج ذیل 3 مختلف (بقیہ نمبر 7 صفحہ 6 پر)

جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کر دی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کی۔ حوثیوں نے امریکا کو 2025 کی جنگ بندی برقرار رہنے کی یقین (بقیہ نمبر 10 صفحہ 6 پر)

امریکی ایوان نمائندگان نے ایران اور روس پر نئی پابندیوں کے بل کی منظوری دیدی

بل کو پہلے ہی سینیٹ کی منظوری حاصل ہو چکی ہے، دستخط کے لیے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بھیج دیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان نے ایران اور روس پر نئی پابندیوں کے بل کی منظوری دے دی۔ امریکی ایوان نمائندگان میں ایران اور روس کے خلاف وسیع پابندیوں پر مشتمل بل 159 کے مقابلے میں 262 ووٹوں سے منظور ہوا۔ اس بل کو پہلے ہی سینیٹ کی منظوری حاصل ہو چکی ہے اور اب اسے دستخط کے لیے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بھیج دیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق (Lindsey Graham Sanctioning Russia and Iran Act of 2026) کے نام سے پیش کیے گئے اس قانون کا مقصد روس پر اقتصادی دباؤ بڑھانے کے ساتھ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 6 پر)

دی سعوایف 15 لڑاکا طیارہ کیسے مار گرایا؟ حوثیوں نے ویڈیو جاری کر دی

ان شا اللہ! دشمن کا راستہ کاٹنے کے لیے ایک کارروائی کر رہے ہیں، جنگجو کی ویڈیو میں گفتگو

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثیوں نے سعودی ایف 15- لڑاکا طیارہ مار گرائے جانے کی ویڈیو جاری کر دی۔ تقریباً 4 منٹ دورانیے کی ویڈیو میں مختلف مناظر کو یکجا کیا گیا ہے، جس میں طیارے کو نشانہ بنائے جانے کے مناظر اور اس کے ملبے کو شعلوں میں جلتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو کا آغاز طیارے کو نشانہ بنائے جانے کے مناظر سے ہوتا ہے، جس کے بعد رات کے وقت زمین پر شدید آگ بھڑکنے اور دھویں کے بادل اٹھنے کے مناظر دکھائے جاتے ہیں، جو بظاہر طیارہ گرنے کے فوری بعد کی صورتِ حال ہے۔ بعد ازاں دن کے وقت کی فوٹیج میں پتھریلے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 6 پر)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری آر چر روڈ پر متروکہ وقف املاک بورڈ کی اراضی پر کمرشل پلازہ کا معائنہ کر رہے ہیں

اقوامِ متحدہ کا اجلاس، امریکا کا فلسطینی صدر محمود عباس کو ویزا دینے سے انکار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے فلسطینی صدر محمود عباس کو اگلے ہفتے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کے لیے داخلے کا ویزا دینے سے انکار کر دیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ امریکا فلسطینی اتھارٹی کے حکام اور تنظیمِ آزادی فلسطین کے ارکان پر پابندیاں عائد (بقیہ نمبر 31 صفحہ 6 پر)

سابق امریکی صدر باراک اوباما کا پالتو کتا سنی چل بسا

13 سال تک ہمیشہ ہمارے ساتھ رہا، وفادار، محبت کرنے والا اور مہم جوئی کے لیے تیار رہا، اوباما

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر باراک اوباما کا پالتو کتا سنی 13 سال کی عمر میں چل بسا۔ باراک اوباما نے انسٹاگرام پر سنی کی متعدد تصاویر شیئر کرتے ہوئے اس کی یادیں تازہ کیں اور اس کی موت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اوباما نے پرتگیزی واٹر ڈاگ نسل سے تعلق رکھنے والے سنی کو قدرت کی ایک طاقت قرار دیا ہے، جو ان کی دونوں بیٹیوں کے ساتھ وقت گزارتا اور وائٹ ہاس کے ساتھ لان میں دوڑنا پسند کرتا تھا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ سنی اپنی نیند کے دوران بیٹیوں کے تنگ کرنے کے باوجود ان سے محبت کرتا تھا، وہ خاندان کے ہر فرد کے ساتھ بھی رہتا (بقیہ نمبر 30 صفحہ 6 پر)

ایکواڈور میں کار بم دھماکا، ایک شخص ہلاک، 2 زخمی

دھماکا پاساجے کینٹن کے لاس لوریلس علاقے میں ہوا، مزید تحقیقات جاری

کیٹو (این این آئی) ایکواڈور کے جنوبی ساحلی صوبے ایل اورو میں کار بم دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکا پاساجے کینٹن کے لاس لوریلس علاقے میں ہوا، جہاں یکے بعد دیگرے 3 دھماکوں سے مقامی آبادی میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کے بعد حکام نے قریبی آبادی کے تحفظ اور جائے وقوعہ کو محفوظ رکھنے کے لیے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ ایل اورو کے زون 7 کے پولیس کمانڈر رینالڈو گونزالیز نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ دھماکے اس وقت ہوئے جب مبینہ طور پر دھماکا خیز مواد سے لدی ایک گاڑی ایک مکان (بقیہ نمبر 29 صفحہ 6 پر)

امریکی سینیٹر کا اسرائیل کو 2.8 ارب ڈالرز کے ہتھیاروں کی منتقلی روکنے کا عزم

ٹرمپ انتظامیہ بم ایک ایسی حکومت کو بھیج رہی ہے جس کی قیادت ایک مطلوب جنگی مجرم کر رہا ہے، کرس وان ہولن

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر کرس وان ہولن نے اسرائیل کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کے مجوزہ 2.8 ارب ڈالرز کے اسلحہ پیکیج کو روکنے کا عزم ظاہر کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے سوال اٹھایا ہے کہ غزہ میں جاری تشدد کے دوران امریکی ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے فوجی کارروائیوں کی مالی معاونت کیوں کی جا رہی ہے؟ وان ہولن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ امریکی ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے 2.8 ارب ڈالرز کے بم ایک ایسی حکومت کو بھیج رہی ہے جس کی قیادت ایک مطلوب جنگی مجرم (بقیہ نمبر 28 صفحہ 6 پر)

چین نے انٹرنیٹ سیٹلائٹس کے نئے گروپ کو خلا میں بھیج دیا

بیجنگ (این این آئی) چین نے انٹرنیٹ سیٹلائٹس کے نئے گروپ کو خلا میں بھیج دیا۔ چین نے جمعرات کو لانگ مارچ 12- کیریئر راکٹ کے ذریعے انٹرنیٹ سیٹلائٹس کے ایک نئے گروپ کو کامیابی سے خلا میں روانہ کر دیا۔ راکٹ نے مقامی وقت کے مطابق صبح 8 بج کر 32 منٹ پر جنوبی صوبے ہائی نان میں واقع (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، خلجی قبائل کے معتبرین شیر عالم خلجی کی عدم بازیابی کے سلسلے میں صادق خان خلجی، وزیر خان خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سنگاپور میں غیر قانونی طور پر رکھے گئے 101 جنگلی جانور برآمد

6 افراد سے غیر قانونی جنگلی حیات کی خرید و فروخت اور قبضے کے شبہ میں تفتیش کی جا رہی ہے، حکام

سنگاپور سٹی (این این آئی) سنگاپور میں غیر قانونی طور پر رکھے گئے 101 جنگلی جانور برآمد کر لیے گئے، جن میں سے 13 مردہ پائے گئے جبکہ متعدد کی حالت تشویشناک تھی۔ نیشنل پارکس بورڈ (این پارکس) نے بتایا کہ اس کارروائی کے دوران 6 افراد سے غیر قانونی طور پر جنگلی حیات کی خرید و فروخت اور قبضے کے شبہ میں تفتیش کی جا رہی ہے۔ یہ حالیہ برسوں میں غیر قانونی طور پر رکھے گئے جنگلی جانوروں کی بڑی کارروائیوں میں سے ایک ہے۔ حکام نے پیرکور رہائشی مقامات پر چھاپوں کے دوران چھپکلیوں، نیوٹس، اژدہوں، ٹیرنٹولا مکڑیوں اور کچھوں سمیت مختلف (بقیہ نمبر 26 صفحہ 6 پر)

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں کی جانب توجہ مبذول کرانے کیلئے نمائش کا اہتمام

آرٹ کے ذریعے کشمیر کی موجودہ صورتحال کو اجاگر کیا گیا ہے تاکہ عالمی ضمیر کو جھنجھوڑا جا سکے، شرکاء

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 63ویں اجلاس کے موقع پر ایک کشمیری وفد نے عالمی برادری کی توجہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کی جانب مبذول کرانے کے لیے ایک خصوصی نمائش کا اہتمام کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس نمائش کا بنیادی مقصد دنیا کو یہ بتانا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں نہ صرف انسانی حقوق کی کھلے عام پامالیاں ہو رہی ہیں، بلکہ بھارت اب وہاں کی قدیم ثقافت اور شناخت کو بھی مٹانے کی کوشش کر رہا ہے۔ نمائش کے دوران خصوصی بینرز (بقیہ نمبر 25 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، پاکستان جرنلسٹس آگاہی مہم کے سلسلے میں صدر محمد انیس جمالی شاہد مگسی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آج دنیا کو پیچیدہ چیلنجز کا سامنا ہے، چینی نائب صدر

جیت جیت نتائج کے دور کے رجحان کو روکا نہیں جا سکتا، ہان جنگ

بیجنگ (این این آئی) چین کے نائب صدر ہان جنگ نے 13ویں بیجنگ شیانگ شان فورم کی استقبالیہ ضیافت میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ ہان جنگ نے کہا کہ اگرچہ دنیا کو پیچیدہ چیلنجز کا سامنا ہے، تاہم امن، ترقی، تعاون اور جیت جیت نتائج کے دور کے رجحان کو روکا نہیں جا سکتا ہے اور مختلف ممالک کے عوام کی ترقی اور سلامتی کے حصول کی خواہش مزید بڑھ رہی ہے۔ ہان جنگ نے چار تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں کی پاسداری کی جائے، ریاستی خودمختاری اور مساوات کو برقرار رکھا جائے، اندرونی معاملات میں مداخلت کی مخالفت کی جائے، معمولی بات پر طاقت کے استعمال یا طاقت کے استعمال کی دھمکی کی مخالفت کی جائے اور دنیا کو طاقتور کی جانب سے کمزور کو دبانے والے جنگل کے قانون کی طرف واپس جانے سے روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی کثیر الجہتی پر کاربند رہتے ہوئے مختلف ممالک کے عوام کی جانب سے اپنے ترقیاتی راستے اور سماجی نظام کے آزادانہ انتخاب کا احترام (بقیہ نمبر 18 صفحہ 6 پر)

آسٹریلیا، میلبورن میں دو گاڑیوں کے تصادم میں 2 خواتین ہلاک

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر میلبورن کے جنوب مغربی علاقے میں دو گاڑیوں کے تصادم کے نتیجے میں 2 خواتین ہلاک جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ مقامی پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ میلبورن کے مرکزی علاقے میں واقع پوائنٹ کک کے علاقے میں ایک چوراہے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 6 پر)

انڈونیشیا میں جنگلات کی آگ بھڑکانے والوں کے خلاف سخت سزاؤں کا مطالبہ

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو نے زمین صاف کرنے کے لیے جھاڑیوں اور جنگلات کو آگ لگانے والوں کے خلاف قوانین مزید سخت کرنے اور کڑی سزائیں دینے کی ہدایت کی ہے، جبکہ ملک کئی ہفتوں سے جنگلات میں لگی آگ پر قابو پانے کی کوشش کر رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق صدر پرابوو نے کابینہ کے اجلاس میں کہا کہ جنگلات میں آگ لگانے کے ذمہ دار افراد یا کمپنیوں کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6 پر)

اے آئی کی رفتار کم کرنے سے چین پر امریکا کی برتری ختم ہو سکتی ہے، امریکی اسپیکر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر مائیک جانسن نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی ترقی کی رفتار کم کرنے کی تجاویز مسترد کر دیں۔ صحافیوں سے گفتگو میں انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اے آئی کی ترقی کی رفتار کم کرنے سے امریکا کو چین پر برتری کھونے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ مائیک جانسن نے کہا کہ امریکا اے آئی کی ترقی پر پابندی عائد نہیں کر سکتا، (بقیہ نمبر 19 صفحہ 6 پر)

یمنی فوج کی حوثیوں کے خلاف شدید لڑائی، ایک لاکھ 22 ہزار سے زائد افراد بے گھر

المنصورہ محاذ پر حوثی ملیشیا کے ساتھ مختلف اقسام کے ہتھیاروں سے شدید لڑائی لڑ رہی ہیں، یمنی فوج

صنعا (این این آئی) یمن میں میدانی ذرائع نے بتایا ہے کہ یمنی مسلح افواج نے تعز کے مغرب میں البرح۔ الخا شاہراہ پر حوثیوں کی کمک کو نشانہ بنایا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ یمنی مسلح افواج نے لحج گورنری میں المضاربہ محاذ پر حوثیوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی۔ دوسری جانب بے گھر افراد کے کیمپوں کی انتظامیہ نے بتایا کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے ستمبر کے آغاز میں کشیدگی میں اضافے کے بعد 8 گورنریوں میں تقریباً 18 ہزار بے گھر خاندانوں کا اندراج کیا گیا ہے، جن میں ایک لاکھ 22 ہزار سے زائد افراد شامل ہیں۔ تعز میں بے گھر افراد کی سب سے زیادہ تعداد ریکارڈ کی گئی، جہاں تقریباً 9 ہزار 500 خاندان متاثر ہوئے، خاص طور پر الخا، الواز (بقیہ نمبر 23 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ کی تحقیقات، ایران میں امریکی حملوں پر جنگی جرائم کے شواہد کا دعوی کر دیا

اقوام متحدہ کی یہ رپورٹ انسانی حقوق کونسل کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی، عالمی مشن

جنیوا (این این آئی) ایران کے بارے میں اقوام متحدہ کے آزاد بین الاقوامی تحقیقاتی مشن نے کہا ہے کہ اسے اس بات پر یقین کرنے کی معقول بنیادیں ملی ہیں کہ فروری میں ایران کے ایک اسکول اور کھیلوں کے مرکز پر ہونے والے دو امریکی حملے جنگی جرائم کے زمرے میں آ سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے تحقیقاتی مشن کی نئی رپورٹ میں فروری سے جاری ایران جنگ کے دوران امریکا کی فوجی کارروائیوں اور ایران میں ہونے والی انسانی حقوق کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ماہرین کو یقین کرنے کی معقول بنیادیں ملیں کہ صوبہ ہرمزگان کے شہر میناب میں شاجرے طیبہ پرائمری اسکول پر حملے کی ذمہ داری امریکی افواج (بقیہ نمبر 21 صفحہ 6 پر)

آبنائے ہرمز میں فوجی تعیناتی پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا، جنوبی کوریا کا اہم اعلان

حتمی فیصلے کا انحصار امریکہ کے ساتھ مذاکرات اور خطے میں بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال پر ہو سکتا ہے، وزیر خارجہ

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا نے آبنائے ہرمز میں فوجی دستے تعینات کرنے کے حوالے سے ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ چو ہیون نے کہا کہ سیئول خطے میں جاری بحران کے تناظر میں اپنے ردعمل کا جائزہ لے رہا ہے، تاہم آبنائے ہرمز میں فوج بھیجنے کا فیصلہ ابھی نہیں کیا گیا۔ جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ یہ بیان واشنگٹن روانگی سے قبل صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے دیا۔ وہ امریکا میں وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات اور اہم علاقائی امور پر بات چیت کریں گے۔ آبنائے ہرمز میں جاری کشیدگی کے باعث امریکا اپنے اتحادی ممالک سے تعاون کی توقع کر رہا ہے، جبکہ جنوبی کوریا بھی اپنی سلامتی اور علاقائی صورتحال کو (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6 پر)

شام کے آرمی چیف کا تھیمیم میں روسی ایئر بیس کا دورہ، روسی کمانڈروں سے ملاقات

دمشق (این این آئی) شام کے چیف آف جنرل اسٹاف میجر جنرل علی الناسان نے مغربی لطاکیہ صوبے میں تھیمیم ایئر بیس کا معائنہ کیا اور وہاں تعینات روسی فوجی کمانڈروں سے ملاقات کی۔ النسان کے ساتھ جنرل عاصم حواری، جنرلہ کے کمانڈر بریگیڈیئر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 6 پر)

بھارت میں برکس اجلاس سے واپسی پر جنوبی افریقی صدر کی طبیعت ناساز

نائب صدر پال ماشیبائل بھی طبی عمل کے بعد اپنے ڈاکٹروں کے مشورے پر آرام کر رہے ہیں، رپورٹ

پریٹوریا (این این آئی) جنوبی افریقہ کے 73 سالہ صدر رامافوسا، بھارت میں برکس رہنماں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپس آنے کے بعد بیمار ہوگئے، صدارتی ترجمان کے مطابق رامافوسا نے کابینہ کے وزرا سے کہا تھا کہ وہ جہاں ممکن ہو مقررہ عوامی تقریبات میں ان کی نمائندگی کریں، یہ بتائے بغیر کہ ان کی غیر حاضری کب تک جاری رہ سکتی ہے۔ جنوبی افریقہ کے نائب صدر پال ماشیبائل بھی طب

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور جب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جب آفس 32266 فیکس 32755

جمعہ 18 ستمبر 2026ء

پاکستان خطے میں امن اور استحکام کا سب سے بڑا حامی

پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن اور استحکام کا سب سے بڑا حامی ہے اور دوست ممالک کے ساتھ متوازن تعلقات کے باعث غیر جانب دار اور منصفانہ ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔ امریکہ اور ایران سے بیک وقت اچھے تعلقات ہیں، کسی ایک ملک سے تعلقات دوسرے کی قیمت پر نہیں۔

العربیہ کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ پاکستان ثالثی اور مذاکرات کے ذریعے مستقل اور پائیدار امن کا خواہاں ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور کسی ایک ملک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات دوسرے ملک کی قیمت پر نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا پاکستان تمام ممالک کے ساتھ اپنے قومی مفادات اور باہمی احترام کی بنیاد پر تعلقات آگے بڑھاتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ معاہدے کے حوالے سے کہا کہ یہ کسی اچانک پیدا ہونے والی صورتحال کا نتیجہ نہیں بلکہ کئی دہائیوں پر محیط تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کی باضابطہ شکل ہے۔ ان کے مطابق معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور اس میں کسی ملک کے خلاف جارحیت یا مداخلت کا کوئی عنصر شامل نہیں۔ مکہ معاہدہ اجتماعی ڈیٹرنس پر مبنی ہے اور اس کا بنیادی مقصد علاقائی امن و استحکام ہے۔ معاہدے کی آپریشنل تفصیلات عام نہیں کی جاتیں کیونکہ کوئی بھی ملک یا فوج اپنی دفاعی اور آپریشنل تفصیلات پبلک نہیں کرتی۔ ان کا کہنا تھا معاہدے کی آپریشنل تفصیلات تینوں ممالک طے کریں گے جبکہ معاہدے میں توسیع کا فیصلہ بھی تینوں ملکوں کی باہمی رضامندی سے ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ مکہ معاہدے سے چین کے ساتھ پاکستان کے تعلقات پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور تمام تعلقات ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔ پاکستان اور چین کے تعلقات تذویراتی نوعیت کے ہیں اور پوری دنیا، بشمول چین، تینوں ممالک کے گہرے تعلقات سے آگاہ ہے۔ معاہدے میں کوئی ایسی شق نہیں جس کی بنیاد پر اسے "مسلم الائنس" قرار دیا جائے۔ علاقائی امن، استحکام اور عدم جارحیت پر یقین رکھنے والے خواہشمند ممالک مستقبل میں اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔

صاف ستھرا پنجاب کو درپیش چیلنجز

تحریر۔ لقمان شیخ

شہروں کی خوبصورتی صرف سڑکوں، فلائی اوورز اور بلند عمارتوں سے نہیں ہوتی، اصل خوبصورتی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب گلیاں صاف ہوں، بازار کچرے سے پاک ہوں، نالیاں بند نہ ہوں اور شہریوں کو اپنے اردگرد کے ماحول سے شکایت نہ ہو۔ پنجاب میں آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور شہروں کے پھیلاؤ کے ساتھ صفائی کا مسئلہ بھی سنگین ہوتا گیا ہے۔ کئی برس تک صفائی کا نظام زیادہ تر روایتی طریقوں، محدود وسائل اور عارضی مہمات تک محدود رہا، جس کے نتیجے میں ایک طرف کچرے کے ڈھیر بڑھتے رہے تو دوسری طرف شہریوں کی شکایات بھی کم نہ ہو سکیں۔ اسی پس منظر میں "ستھرا پنجاب" کو محض صفائی کی ایک اور مہم کے بجائے ایک نئے انتظامی نظام کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ گھر گھر سے کچرا اٹھانے، اسے منتقل کرنے، تلف کرنے، جدید مشینری استعمال کرنے، فیلڈ مانیٹرنگ اور شہری شکایات کے ازالے تک پورے عمل کو ایک مربوط نظام میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پنجاب حکومت نے شہری اور دیہی علاقوں کو اس نظام میں شامل کیا ہے جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹس کو اس ماڈل کا حصہ بنایا گیا ہے۔ سرکاری پروگرام کے مطابق یہ نظام 36 اضلاع اور 141 تحصیلوں تک پھیلایا جا رہا ہے۔۔ اگر کسی علاقے میں کاغذ پر سو فیصد صفائی دکھائی جائے لیکن شہری کی شکایت یہ ہو کہ کچرا کئی دن سے نہیں اٹھا تو پالیسی سازوں کو سرکاری اعداد و شمار کے بجائے زمینی حقیقت کو ترجیح دینا ہوگی۔ اسی لیے ستھرا پنجاب کے ساتھ شہری شکایات کا نظام بھی اہم ہے۔ 1139 ہیلپ لائن اور "ستھرا پنجاب شہری" ایپ کے ذریعے شہری شکایات درج اور سروس کے بارے میں فیڈ بیک دے سکتے ہیں۔ پنجاب حکومت اب کچرے کو معاشی قدر میں تبدیل کرنے اور لینڈفل پر انحصار کم کرنے کی سمت بڑھ رہی ہے۔ سرکاری پروگرام میں 2030 تک لینڈفل میں جانے والے کچرے کا 60 فیصد کم کرنے کا ہدف بھی بیان کیا گیا ہے۔ اگر یہ ہدف حاصل ہوتا ہے تو صفائی کا خرچ مستقبل میں صرف اخراجات کا بوجھ نہیں رہے گا بلکہ ری سائیکلنگ، توانائی اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے ذریعے آمدن اور روزگار کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ گجرات اس پورے ماڈل کی ایک قابلِ ذکر مثال بن کر سامنے آیا ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق یہاں ستھرا پنجاب پروگرام کے آغاز سے اب تک 2 لاکھ 80 ہزار ٹن سے زائد سالڈ ویسٹ اٹھایا جا چکا ہے جبکہ روزانہ اوسطاً 680 ٹن کچرا منتقل کیا جا رہا ہے۔ صفائی کے لیے 597 گاڑیاں اور مشینیں جبکہ 8732 سینی ٹیشن ورکرز فیلڈ میں موجود ہیں۔ تحصیل گجرات کی 84 یونین کونسلز، جن میں 21 شہری اور 63 دیہی یونین کونسلز شامل ہیں، اس آپریشن کا حصہ ہیں۔ گجرات، جلالپور جٹاں اور کنجاہ کے تجارتی علاقوں، پارکس اور دیگر اہم مقامات پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ گجرات کی مثال اس لیے بھی اہم ہے کہ یہاں صفائی کو صرف کچرا اٹھانے تک محدود نہیں رکھا گیا۔ صبح، شام اور رات تین شفٹوں میں آپریشن کے ساتھ صفائی کی ڈیجیٹل اور KPI-based مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ Monitor, "Clean, Re-Clean, Revisit, Maintain" کا اصول اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ ایک علاقے کی صفائی کر کے اسے دوبارہ نظرانداز نہیں کیا جائے گا بلکہ مسلسل نگرانی اور مینٹیننس جاری رہے گی۔ گجرات کا اصل سبق یہی ہے کہ مشینری، افرادی قوت اور انتظامی نگرانی کو ایک ہی نظام میں جوڑ کر نتائج بہتر کیے جا سکتے ہیں۔ گجرات کو مدنظر رکھتے ہوئے دوسرے شہروں کے افسران کو بھی چاہیے کہ وہ چیف منسٹر پنجاب کے وژن کے مطابق کام کریں۔ خاص طور میں یہاں پتوکی شہر کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ پتوکی میں صفائی ستھرائی کے انتظامات نہ ہونے کے برابر ہیں سیوریج کا نظام تباہ ہو چکا ہے ہر گلی محلے میں گٹر کا گندہ پانی کھڑا ہوتا ہے۔ اس لئے میڈم چیف منسٹر کو شہر پتوکی کی طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ جو افسران یا ٹھیکیدار کام نہیں کر رہے انھیں فوری برطرف کرنا چاہئے۔ اسسٹنٹ کمشنر پتوکی نشر لودھی دل و جان سے شہر پتوکی کے لئے کام کر رہے ہیں لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ باقی انتظامیہ بھی انکا ساتھ دے۔ ستھرا پنجاب کے لیے سب سے بڑا چیلنج اب اس نظام کو مستقل ادارہ جاتی شکل دینا ہے۔ پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے قانون نے ستھرا پنجاب اتھارٹی کو پالیسی، ریگولیشن، لائسنسنگ اور ویسٹ مینجمنٹ کے معاملات میں باقاعدہ قانونی بنیاد فراہم کی ہے۔ قانون میں کچرے کو غیر مناسب طریقے سے پھینکنے اور جلانے پر جرمانوں سمیت مختلف پابندیاں بھی رکھی گئی ہیں۔ اگر ستھرا پنجاب صفائی کے ساتھ مالی شفافیت اور انتظامی جوابدہی کا بھی کامیاب ماڈل بن جاتا ہے تو یہ صرف پنجاب کے ماحول کو نہیں بلکہ صوبے کے مجموعی گورننس کلچر کو بھی تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

☆☆☆☆

پابند سلاسل جمہوری نرسریاں یا مزید صوبے

تحریر۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اپنے پورے دور میں مسلسل حکم دیتے رہے کہ بلدیاتی انتخابات کرا کر اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے جائیں۔ چیف ریٹائر ہو گئے لیکن بلدیاتی انتخابات نہیں ہوئے جو ہوا وہ آئین اور جمہوریت کے منہ پر طمانچہ تھا۔ نومبر 2013 میں قومی اسمبلی نے یہ قرارداد متفقہ منظور کی کہ "جلد بازی میں (پانچ سال بعد بھی جلد بازی؟) بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جائیں۔ فی الحال ملک کو بلدیاتی اداروں کی ضرورت نہیں"۔ اسمبلی میں موجود اس وقت کی تمام چھوٹی بڑی، اہم غیر اہم، دینی غیر دینی سبھی جماعتیں اسی حق میں تھیں کہ بلدیاتی انتخابات نہ کرائے جائیں۔ یہ جماعتیں کون تھیں؟ خالی خانہ خود پر کر لیں۔ جمہوریت کی اس اپنی نرسری کے حق میں کوئی ایک جماعت بھی نہیں تھی۔ حالانکہ بلدیاتی ادارے ہی وہ نرسری ہوتے ہیں جن کی پنیری تناور درخت بنتی ہے۔

اسی لیے میں اپنا وزن ہمیشہ محمد خان جونیجو کے پلڑے میں ڈالا کرتا ہوں جنہوں نے چیئرمین ضلع کونسل رہ کر بہت کچھ سیکھا، وزیراعظم بن کر اسی سیکھے کو انہوں نے پانچ سنہرے نکات میں سمویا اور ملک میں رائج کرنے کی کوشش بھی کی۔ کاش ان کی حکومت قبل از وقت ختم نہ کی جاتی۔ یہ تو ہوا سیاست دانوں کا حال جہاں ایک جماعت کو چھوڑ کر باقی تمام میں قیادت کے لیے وراثت کا اصول ہے۔ جب یہ اصول ہو تو سیاست دان بلدیاتی اداروں کی حمایت کیوں کریں گے۔ اب آپ مقدس ادارے کی طرف آ جائیے۔ مت سمجھ لیجئے کہ طلبا تنظیموں پر پابندی کا فیصلہ جنرل ضیا کا اپنا فیصلہ تھا۔ یہ فیصلہ ان کا ہوتا تو کب کا نقش برآب ہو جاتا۔ ساڑھے تین عشرے بعد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے قائد اعظم یونیورسٹی سنڈیکیٹ اجلاس کے بعد اعلان عام کیا کہ عدلیہ طلبا تنظیموں پر پابندی ہٹا رہی ہے۔

پابندی تو نہیں ہٹی لیکن مدت پوری کر کے چیف جسٹس خود ہٹ گئے اور "ادارے" کے فیصلے کو کوئی نہیں چھیڑ سکا۔ تعلیمی اداروں میں طلبا تنظیمیں وہ دوسری اہم جمہوری نرسری ہے جہاں سے ملک کو مستقبل کی تربیت یافتہ قیادت ملتی ہے۔ حیرت اس پر ہے کہ 21 ویں صدی کے تیسرے دہے میں بھی سیاست دان اور "ادارہ" مل کر عوام کو ان کے اختیارات اور وسائل دینے سے یکسر منکر ہیں۔ طلبہ تنظیموں اور جمہوری اداروں سے چھٹ کر عوام کو اپنی قیادت ملتی ہے، یہی آئینی تقاضا ہے اور یہی جمہوریت ہے لیکن ہو یہ رہا ہے کہ ایک کے سوا تمام سیاسی جماعتوں میں لیڈر کے مرنے پر قیادت اس کی اولاد کو ملتی ہے۔ ذرا ٹھہریے، چاروں اور پابند سلاسل پھڑ پھڑاتی سسکتی مانند بسمل تڑپتی، کراہتی اسی "جمہوریت" میں نامعلوم لوگوں کا حصہ بھی ہے۔ یہ نامعلوم مطلقاً نامعلوم ہیں۔ کیا کسی کو معلوم ہے کہ فیصل واوڈا اور محسن نقوی سینیٹر کیسے بنے؟ اس تھوڑے کہے سے جان جائیے؟ کیسے بلدیاتی ادارے اور کون سی طلبا تنظیمیں؟ سیاسی جماعتوں اور نامعلوم کے لیے یہ جمہوری نرسریاں تو سامان موت ہیں!

ملک ایک بحران سے نکلتا ہے تو اگلے دن نیا فتنہ سر اٹھا لیتا ہے۔ 1998 تک ملک کم و بیش ٹھیک چل رہا تھا۔ لیکن ادھر ہم جوہری قوت بنے، ادھر بحران در بحران امڈتے چلے آئے۔ اس کے عوامل ماورائے بحر اوقیانوس اور واہگہ پار کے ہیں جو آج کا موضوع نہیں ہے۔ خیبر اور بلوچستان میں بپا شورش کیا کم تھی کہ کسی گھس بیٹھیے نے نئے صوبوں کا فتنہ کھڑا کر دیا۔ ملک میں بپا شورش کچلنے کا عمدہ طریقہ تو یہ تھا کہ با اختیار بلدیاتی ادارے قائم کر دیے جاتے۔ یوں دسیوں ہزار عوامی نمائندوں کے ساتھ کروڑوں افراد جڑ جاتے۔ عام لوگوں کے 70 فیصد مسائل کا تعلق بلدیاتی اداروں سے ہوتا ہے۔ اس طرح ہمارے ان شورش زدہ صوبوں کے لاکھوں لوگ مقامی مسائل کا رخ کر لیتے، ان کی توجہ صوبائی اور قومی سیاست سے ہٹ کر اپنے قرب و جوار ہی میں رہتی۔ پی ایل اے اور ٹی ٹی پی کے دفتر روزگار اور بھرتی کے مراکز بتدریج بند ہو جاتے۔ لیکن ہوا یہ کہ نئے صوبوں کا یہ افلاطونی فتنہ لا کر پی ایل اے اور ٹی ٹی پی کے ہاتھ میں پیٹرول تھما دیا گیا۔

میرا وجدان کہتا ہے کہ صوبوں کی یہ خواہش دیسی نہیں، بحر اوقیانوس پار سے آئی ہے۔ اس کا وہی ایک مقصد ہے، یعنی ایشیائی پاکستان کی بحری (Balkanization)۔ مسئلہ یہ ہے کہ ادارے کا ہر افسر اعلیٰ، عقلمند اعلیٰ سے کم پر راضی نہیں ہوتا۔ ایک تو اتنا عقلمند نکلا کہ اس نے بڈھ بیر میں امریکی لابسائے جس پر قطبی ریچھ نے ہمارے گرد سرخ حصار کھینچ دیا۔ پھر بھارت سوویت دفاعی معاہدے کے نتیجے میں ملک ٹوٹ گیا۔ تاہم آج خود ادارے کے بقول "ہم سے ماضی میں غلطیاں ہوئی ہیں"، ہمارے فیلڈ مارشل بلاشبہ آئینی حدود میں کام کرتے ہیں۔ پر دل میں چبھن سی ہے۔ نئے صوبوں کی خواہش اس نوزائیدہ "سپاستدان" کی ہے جو جمہوری نرسری سے نہیں کسی نامعلوم ذریعے سے آ دھمکا ہے۔ ادھر عسکری ادارہ تعلقات عامہ بھی گورننس پر بول پڑا۔ تاہم یہ ننھے منھے مسائل فیلڈ مارشل کی سطح سے بہت نیچے کے ہیں۔ شاید مجھے تشویش نہیں کرنا چاہیے۔ کیا کروں وجدان کہتا ہے کہ صوبوں کی یہ خواہش فیلڈ مارشل کی ٹانگ کھینچنے کے مترادف ہے۔

چھوٹے صوبوں کے خواہشمند محبان وطن کی حب وطن کا ذائقہ ہم ون یونٹ سے چکھ چکے ہیں۔ وہ اس سے اکتا گئے تو چار صوبے۔ غیر جماعتی انتخابات سے ادھڑے ملک کو کوئی سوزن آج تک رفو نہیں کر سکی۔ کیا کہا چھوٹے صوبوں میں مسائل جلد حل ہوں گے؟ اچھا تو یہ چھوٹے صوبے 350 مربع میل اسلام آباد سے بھی چھوٹے ہوں گے؟ چار صوبوں سے بھی زیادہ وسائل سے مالا مال اس شہر کے سب سے بڑے ہسپتال میں 14 بچے جھلس کر مر گئے کہ ہسپتال کے دروازے جام تھے۔ کراچی کمپنی میں مین ہول اسلام آباد کو مزید چھوٹا کرنے کو منہ کھولے ہوئے ہیں۔ چند اشرافیائی حصوں کو چھوڑ کر باقی شہر میں پڑا کوڑا آپ سے نہیں سنبھالا جاتا۔ بزعم خود دنیا کے اس خوبصورت ترین شہر میں ایک پبلک ٹائلٹ دکھا دیجئے۔ بنیادی انسانی ضرورت پانی یہاں آج بھی شاہ کالا دھواں چھوڑتے کالے بھجنگ ٹینکر پورا کرتے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ کا یہاں نشان نہیں ہے۔ تو کیا آپ کے نئے صوبے اسلام آباد سے بھی چھوٹے ہوں گے؟ یوں تو پاکستان کے لگ بھگ ایک لاکھ صوبے بنیں گے۔

☆☆☆☆

شہباز شریف بجلی کی لوڈشیڈنگ کا نوٹس کیوں لیں؟

تحریر۔ اسلم لودھی

پاکستان شاید دنیا کا واحد ملک ہے جس میں سردیوں میں صارفین کو خود کو گرم رکھنے اور کھانا پکانے کے لئے مطلوبہ مقدار میں گیس نہیں ملتی اور گرمیوں کے شدید ترین موسم میں جب انسانی سانسیں بھی شدت گرمی سے ٹوٹنے والی ہوتی ہیں تو یہ دیکھے بغیر کہ کون بیمار ہے، کون طالب علم پڑھ رہا ہے اور کون مسجد میں اللہ تعالیٰ کے سامنے سربسجود ہے، بار بار بجلی بند کر دی جاتی ہے۔ ٹیچر نے اپنے شاگردوں سے سوال پوچھا کہ حکومت پاکستان کی آمدنی کے ذرائع کیا ہیں؟ ایک شاگرد نے کہا سرحکومت پاکستان کی آمدنی کا انحصار پے در پے ٹیکسوں کے علاوہ بجلی، گیس، پانی، پٹرول کی تیزی سے بڑھتی ہوئی قیمتوں پر ہے۔ میزائل ایران اور امریکہ کے درمیان چلتے ہیں، پٹرول کا ریٹ ہر روز پاکستان میں بڑھا دیا جاتا ہے۔ پاکستانی حکمرانوں کو اس بات سے کوئی غرض نہیں، وہ اپنی موج مستیوں میں مصروف ہیں۔ اس وقت جبکہ لاہور سمیت پورے پاکستان میں بجلی کی حد سے زیادہ لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ دن تو دن رات کو بھی تین چار گھنٹے بجلی بند کر کے عوام کے صبر کا سخت امتحان لیا جا رہا ہے تو ہر جانب سے ایک ہی آواز سنائی دیتی ہے کہ وزیراعظم بجلی کی حد سے بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیکر عوام کی دادرسی کریں۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کتنے عرصے سے وزیراعظم سے نوٹس لینے کی اپیلیں کی جا رہی ہیں لیکن وزیراعظم اپنی سماعت اور بصارت کو بند کیے اپنے ووٹروں کی آواز پر کیوں لبیک نہیں کہتے، جن سے الیکشن کے دوران ہر مرتبہ ووٹ تو لے لیتے ہیں لیکن اسمبلیوں میں پہنچ کر ان کی آنکھیں اور کان اس طرح بند ہو جاتے ہیں جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ یہاں یہ عرض کرتا چلوں کہ وزیراعظم، صدر، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، عدالت عظمیٰ، عدالت عالیہ سمیت تمام وزارتوں، مشاورتوں کے دفاتر اور گھروں کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مبرا قرار دے دیا جاتا ہے۔ اگر ان کے ہاں بھی بجلی بند ہو اور ان کے جسم سے بھی پسینے کی آبشار بہے تب ہی وہ محکمہ بجلی سے باز پرس کریں گے، ان کو کھلی آنکھوں اور کانوں سے بھی عوام کی چیخ و پکار دکھائی اور سنائی نہیں دیتی۔ ابھی جمعرات 27 اگست 2026ء کی بات ہے کہ والٹن روڈ سے ملحقہ آبادیوں میں صبح 9 بجے ہی بجلی کا سوئچ آف کر دیا گیا، بعد میں اخبارات کے ذریعے معلوم ہوا کہ صرف ہمارے علاقے کی بجلی بند نہیں تھی بلکہ لیسکو اتھارٹی کے زیر انتظام تمام شہروں میں بجلی کی سپلائی روک دی گئی تھی اور دوپہر ساڑھے تین بجے بجلی کی سپلائی بحال ہوئی۔ میں نے ڈی ایچ ویسٹ کے ایس ڈی او آفس کال کی، ہر جگہ فون کے ریسور اتار کر نیچے رکھے ہوئے پائے گئے تاکہ عوام کو حقیقی صورت حال سے آگاہی نہ مل سکے۔ میری خوش قسمتی کہ لیسکو اتھارٹی کے ہیڈ آفس میں کسی صاحب نے لیسکو چیف کا موبائل نمبر انڈ کر لیا۔ میں نے ان سے کہا، میرے بھائی آپ کے علم میں ہے کہ ان دنوں گرمی پوری شدت سے اپنی جولانیاں دکھا رہی ہے کہ پنکھے کے نیچے بیٹھ کر بھی سکون میسر نہیں ہوتا اور بجلی کے بڑھتے ہوئے بلوں کی وجہ سے اے سی چلانے کی کوئی بھی شخص حماقت نہیں کر سکتا، کیونکہ لیسکو اتھارٹی میں ایک اندھا قانون نافذ ہے کہ 199 بجلی کے یونٹ کا بل 3600 روپے اور اگر دو یونٹ زیادہ ہو جائیں تو بل 10 ہزار روپے تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ سکھا شاہی کی باتیں تو سنی تھی لیکن پاکستان میں ایسا ظالمانہ اور عوام دشمن قانون کا بننا اور بجلی کا موجود نہ ہونا عوام الناس کے لئے انتہائی تکلیف کی بات ہے۔ میں نے لیسکو اتھارٹی کے اس فرد سے پوچھا کہ صبح 9 سے بجلی بند کیوں ہے؟ انہوں نے فرمایا: مینٹیننس ہو رہی ہے، میں نے کہا یہ کام سردیوں میں نہیں ہو سکتا تھا جو انتہائی گرمی کے موسم میں کرنا ضروری سمجھا گیا۔ اس نے جواب دیا، ہم مجبور ہیں، یہ فیصلے لیسکو اتھارٹی کی جانب سے ہوتے ہیں جن کے اپنے تمام دفاتر اور گھروں کی مفت بجلی کبھی بند نہیں ہوتی۔ یہاں یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ شدید مہنگائی کے اس دور میں ہر گھر میں یو پی ایس کی سہولت میسر نہیں ہے، یو پی ایس ہو بھی تو وہ ایک دو گھنٹے تک ہی کام کرتا ہے پھر ہمارے گھر دن کے اُجالے میں تندور کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور زندہ رہنے کے لئے گھر میں جو کچھ بھی میسر ہوتا ہے اس سے ہوا حاصل کرنے کی جستجو کی جاتی ہے۔ یہ تو ہمارے گھروں کا حال ہے لیکن اس دن میں سوچ رہا تھا کہ میرے پوتے پوتیاں بھی قریبی سکول میں پڑھتے ہیں، وہاں اگر یو پی ایس ہو ابھی تو ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کو یہ سہولت میسر ہوگی، لیکن تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچے بچیوں کے آرام اور سکون کے لئے کون جنریٹر چلاتا ہے۔ جب میرے پوتے پوتیاں سخت گرمی میں گھر واپس آئے تو ان کی زبانیں باہر نکلی ہوئی تھیں، وہ گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے ٹھنڈے پانی سے نہانا چاہتے تھے لیکن بجلی بند ہونے کی وجہ سے پانی کی ٹینکی بھی خالی تھی۔ یہ صورتحال صرف ایک دو دن کی نہیں، بلکہ دن اور رات میں جب بھی لیسکو اتھارٹی کا پارہ گرم ہوتا ہے بجلی بند کر دی جاتی ہے۔ چھ ماہ پہلے واپڈا کی جانب سے یہ اعلان اخبارات کی زینت بنا تھا کہ دریائے چناب پر سیالکوٹ سے ملتان تک تین ڈیم بنانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے اگر اس منصوبہ بندی کو حکومت پنجاب اپنے مالی وسائل سے عملی شکل دینے کی جستجو کرے تو شاید پاکستانی پنجاب کے رہنے والوں کو بھی سستی بجلی فراہم کی جا سکے۔ سٹیٹ بنک کی جانب سے ٹی وی نیوز میں یہ خبر سننے کو ملی کہ پاکستان کا قرض 83 ہزار ارب تک پہنچ چکا ہے ایک طرف قرض کی یہ رقم تو دوسری جانب وزیراعظم فرماتے ہیں الحمدللہ پاکستان تیزی سے ترقی کرنے والے ممالک میں شمار ہونے لگا۔ ایک لمحے کیلئے سوچیں موجودہ حکومت کے تمام اخراجات بھی قرض کی رقم سے چل رہے ہیں پھر اتنی بھاری بھرکم کابینہ رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ بہرکیف وزیراعظم بجلی کی ہوشربا لوڈشیڈنگ اور بل کے اندھے قانون کا نوٹس کیوں لیں۔

ڈاکٹر نواز بلوچ بھی داغ مفارقت دے گئے

تحریر۔ ڈاکٹر جاوید ملک

میڈم نور جہاں کی آواز میں جب یہ مصرعہ گونجتا ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی بہت دور بیٹھا ہوا شخص دل کے کسی نہاں گوشے کو چھو کر کہہ رہا ہو۔

" کی دم دا بھروسہ یار،
دم آوے نہ آوے"

یہ صرف ایک گیت نہیں، زندگی کی پوری حقیقت ہے۔ سانس آئے تو زندگی، سانس رک جائے تو داستان ختم۔ انسان خاک سے بنتا ہے، چند روز اس دنیا کی رونق دیکھتا ہے، رشتے بناتا ہے، دوستیاں کرتا ہے، محبتیں بانٹتا ہے، لوگوں کے دکھ درد میں شریک ہوتا ہے اور پھر ایک دن خاموشی سے اسی خاک کے سپرد ہو جاتا ہے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ انسان مر جاتا ہے، اس کی یاد نہیں مرتی۔

کچھ لوگ دنیا سے رخصت ہوتے ہیں تو صرف ایک گھر اداس ہوتا ہے اور کچھ لوگ چلے جائیں تو ان کے ساتھ زندگی کا ایک پورا عہد، ایک پوری داستان، ایک پوری دنیا خاموش ہو جاتی ہے۔ مجھے بڑے بھائیوں کی طرح عزیز، پیارے دوست ڈاکٹر نواز بلوچ سینئر آرتھو پیڈک سرجن شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان بھی ایسی ہی شخصیت تھے۔ دو دن پہلے میری بڑی بہن کا رحیم یار خان سے فون آیا، آواز میں تشویش تھی، بتایا کہ ڈاکٹر نواز بلوچ کراچی کے کسی ہسپتال میں انتہائی تشویشناک حالت میں زیر علاج ہیں۔ کہنے لگیں!" آپ ذرا نواز بھائی کا پتہ تو کریں" میں نے فوراً ڈاکٹر قیصر عزیز خان کو فون کیا۔ کراچی کا نام آتے ہی مجھے یقین تھا کہ نواز بھائی کے پاس اگر کوئی اپنا ہو سکتا ہے تو وہ ڈاکٹر قیصر عزیز خان کارڈیک سرجن لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی ہی ہیں۔ قیصر بھائی نے بتایا کہ چند روز پہلے نواز بھائی کو اسٹروک ہوا تھا۔ وہ اپنے بھائی کے ساتھ کراچی آئے، نیشنل ہسپتال میں علاج ہوا، کچھ طبیعت سنبھلی تو گھر واپس آ گئے مگر زندگی شاید کسی اور سمت جا رہی تھی۔ تین دن بعد دوبارہ سر میں چکر، غنودگی اور بے چینی شروع ہوئی۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ پرانے ہیپاٹائٹس بی کے مرض کی وجہ سے جگر شدید متاثر ہو چکا ہے۔ قبض نے بھی کیفیت کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ قبض دور ہوئی تو کچھ افاقہ ہوا لیکن بے چینی ختم نہ ہوئی۔ پھر قیصر بھائی نے وہ بات بتائی جس نے میرے دل کو اندر تک ہلا دیا۔ انہوں نے کہا!" رات گئے نواز میرے ساتھ پرانی باتیں کرتا رہا" کاش! وہ رات کچھ اور لمبی ہو جاتی۔ کاش! وہ گفتگو کبھی ختم نہ ہوتی۔ کاش! قیصر بھائی اسے رخصت کرتے وقت کچھ دیر اور بیٹھ جاتے۔ کاش انسان کو معلوم ہو سکتا کہ سامنے بیٹھا ہوا شخص اس سے آخری بار بات کر رہا ہے۔ قیصر بھائی نے کہا میں رات بارہ بجے گھر چلے گیا۔ صبح واپس لیاقت نیشنل ہسپتال آیا تو نواز بھائی بے ہوش تھے۔

ڈاکٹروں نے بتایا کہ جگر کے سکڑنے کی وجہ سے Hepatic Encephalopathy پیدا ہو چکی ہے اور وہ کوما میں جا چکے ہیں، جگر کے ساتھ گردوں نے بھی کام کرنا چھوڑ دیا تھا، پیٹ میں پانی بھر گیا تھا۔ جسم، خصوصاً پاؤں، پر شدید سوجن تھی۔ بطور ڈاکٹر مجھے معلوم تھا کہ یہ الفاظ محض طبی اصطلاحات نہیں بلکہ زندگی اور موت کے درمیان آخری فاصلے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ مگر دل تو ڈاکٹر نہیں ہوتا۔ وہ ہر حال میں امید رکھتا ہے۔ میں نے قیصر بھائی سے کہا!" زندگی اور موت اس سوہنے رب کے ہاتھ میں ہے۔ اگر زندگی کا دھاگا اللہ نے لکھ دیا ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اسے توڑ نہیں سکتی اور اگر رب نے واپسی کا وقت مقرر کر دیا ہے تو دنیا کی کوئی دوا، کوئی ڈاکٹر، کوئی تدبیر اسے روک نہیں سکتی"۔ میں نے قیصر بھائی سے کہا کہ مجھے نواز بھائی کی طبیعت کے بارے میں آگاہ کرتے رہئے گا۔ پھر رات ساڑھے گیارہ بجے فون آیا۔ فون کی گھنٹی کبھی کبھی صرف گھنٹی نہیں ہوتی۔ کبھی وہ کسی خوشخبری کا دروازہ کھولتی ہے اور کبھی پوری زندگی پر ماتم طاری کر دیتی ہے۔ دوسری طرف قیصر بھائی تھے۔ چند لفظ کہے!

"اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون۔"

اور یوں لگا جیسے میرے اندر کچھ ٹوٹ کر بکھر گیا ہو۔ میں خاموش ہو گیا۔ آنکھیں بند کیں تو کراچی کا اسپتال نہیں، قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور کا وہ زمانہ سامنے آ گیا جہاں ہماری جوانی، ہماری دوستی، ہمارے خواب اور ہماری بے شمار یادیں آباد تھیں۔ ڈاکٹر نواز بلوچ جب ایم ایس ایف کے صدر بنے تو انہوں نے صرف ایک تنظیم کی صدارت نہیں کی تھی، انہوں نے دوستی، جرأت اور وفا کا ایک معیار قائم کیا تھا۔ مشکل وقت آیا تو وہ ڈٹ کر کھڑے رہے۔ آندھی آئی تو پیچھے نہیں ہٹے۔ دوست مشکل میں آیا تو اپنا آرام بھول گئے اور جب دوستی کی تو ایسی کہ پھر نبھانے میں اپنی ذات بھی بھول گئے۔ وہ لمحہ بھی آج آنکھوں کے سامنے گھوم رہا ہے جب ڈاکٹر نواز بلوچ اور ڈاکٹر قیصر عزیز خان نے مجھے ایم ایس ایف قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور کا صدر بنایا۔ ہم تینوں کی وہ دوستی، وہ اعتماد، وہ بے تکلفی اور وہ عہد شاید اب صرف یادوں میں باقی رہ گیا ہے۔ ڈاکٹر نواز بلوچ کے بارے میں ایک بات پورے یقین سے کہی جا سکتی ہے۔ وہ دوستی کرنا بھی جانتے تھے اور دوستی نبھانا بھی۔ ہمیں پیسوں کی ضرورت ہوتی، وہ موجود ہوتے۔ رہائش کا مسئلہ ہوتا، وہ راستہ نکالتے۔ کسی مشکل میں پھنس جاتے، وہ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوتے۔ وہ مدد نہیں کرتے تھے، اپنائیت دیتے تھے۔ وہ احسان نہیں جتاتے تھے، رشتہ نبھاتے تھے اور شاید یہی وجہ ہے کہ آج ان کی جدائی کا دکھ ناقابل بیان ہے۔ مجھے وہ دن بھی یاد ہے جب شیخ زید اسپتال رحیم یار خان میں میڈیکل آفیسر کی نشستیں آئیں۔ ڈاکٹر نواز بلوچ اور ڈاکٹر انیس درخواست دینے آئے۔ اس وقت میرے اباجی حضور ایڈمنسٹریشن میں تھے۔ انہوں نے بھی ان کی ملازمت کے سلسلے میں بھرپور مدد کی۔ نواز بھائی شروع ہی سے ذہین، محنتی اور اعلیٰ

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور میٹرو پولیٹن کا مکمل لیاقت بازار اور مسجد روڈ پر تجاوزات کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ حافظ محمدطارق لینڈریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ھیں

زرغون ہاؤسنگ کے پارکس کی نیڈ رنگ کسی صورت قبول نہیں، منصور خان اچکزئی

پارک رہائشیوں کی اجتماعی سہولت، تجارتی سرگرمیوں کیلئے استعمال کی اجازت نہیں دی جاسکتی

کوئٹہ (این این آئی) زرغون ہاؤسنگ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر منصور خان اچکزئی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پارک کی نیڈ رنگ سے متعلق کوئی بھی فیصلہ رہائشیوں کو اعتماد میں لیے بغیر کیا گیا تو اسے مسترد کردیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن اپنے کسی اقدام کو خامخواہ سے قبول نہیں کرے گی جو رہائشیوں کے اجتماعی حقوق، سہولیات اور تحفظ کو متاثر کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پارک کی نیڈ رنگ کا عمل فوری طور پر منسوخ کیا جائے، سکیم کو دیگر زرغون ہاؤسنگ ویلفیئر ایسوسی ایشن رہائشیوں کے ساتھ مل کر جرگہ قائم کرے اور آئینی فورم پر بھرپور آواز اٹھائے گی اور اجتماعی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب قانونی راستے اختیار کیے جائیں گے۔ منصور خان اچکزئی نے انتظامیہ کے کیخلاف سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کے اجتماعی مفادات، رہائشیوں کے حقوق اور ان کے پُرامن، محفوظ ماحول پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، مولانا شفیق

مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کی کوشش امت مسلمہ کے خلاف گھناؤنی سازش ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا شفیق دوست رند زئی نے مسلمانوں کے مقدس مقام مکہ مکرمہ کے خلاف ہونے والی بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ۔ انہوں نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں امت مسلمہ کے ایمان کو سبوتاژ کرنے کی ناپاک سازش ہیں، جنہیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ مولانا شفیق رند زئی نے مزید کہا کہ کیا کہ پاکستان اپنے برادر اسلامی ملک سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامت کے دفاع اور بالخصوص حرمین شریفین کے تقدس اور تحفظ کے لیے ہمہ تن تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعہ سنگین سازشوں کے خلاف ہر مسلمان کو متحد ہونا ہوگا۔ اس سے اسکیم میں غیر ضروری اور غیر متعلقہ افراد کی آمد و رفت بڑھے گی، جس کے نتیجے میں سکیورٹی رسک، پارکنگ، صفائی، شور شرابے اور دیگر انتظامی و سماجی مسائل پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ رہائشیوں، بچوں اور خاندانوں کی جان و مال کے تحفظ اور پاکیزہ اور پُرامن ماحول کو کسی بھی مالی یا تجارتی مفاد پر قربان نہیں کیا جائے گا۔

بی' خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری، ڈپٹی کمشنر نے متعدد مسائل موقع پر حل کر دیے

خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، کھلی کچہری جاری رہیں گی، ایس کے بزکئی

سبوی (خ ن) ڈویژنل بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر سرکٹ ہاؤس سبوی میں ڈپٹی کمشنر سبوی کیپٹن (ر) ایس کے بزکئی کی صدارت میں خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایس ایس پی سبوی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر سبوی عمران مندنیل، مختلف محکموں کے افسران اور خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبوی کے کہا کہ اسلامی قوانین ہوں یا سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے، دونوں میں خواتین کے حقوق کو اولین ترجیح حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری بلانے کا مقصد یہی تھا کہ خواتین کے مسائل کو براہ راست سن کر حل کیا جائے۔ کھلی کچہری میں خواتین نے اپنے مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے بیان کیے اور تحریری درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابل حل مسائل موقع پر ہی نمٹا دیے، ڈپٹی کمشنر سبوی نے کہا کہ اس نوعیت کی کھلی کچہریاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ عوام، بالخصوص خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے اور انتظامیہ اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کسی بھی مسئلے کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بلوچستان انجینئرنگ ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ (BSDI) کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے اس اہم منصوبے کے تحت ضلع سبوی میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات فراہمی کے لیے متعدد پائے نے پر قرقابی منصوبے عمل کیے گئے ہیں، جن سے علاقے کے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پُرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

آئی جی پولیس بلوچستان کو ہارورڈ کنگ سے شہید نوجوان ایف پی پولیس ہلال محمد عباس کے خاندان کی فراخ حقیقت پیش کر رہے ہیں

گوادر میں ماہی گیری لائسنس و انیمیکشن عمل کا معائنہ، قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت

ڈی جی فشریز بلوچستان کا گوادر فشریز آفس اور بارہ ریجنل کا دورہ، ممنوعہ جالوں کی روک تھام پر زور

